Rg.No. 1546653-9

ٹورنٹو (کینیڈا) سے شائع ہونے والا کثیر الاتعداد اور حکومت کینیڈا سے منظور شدہ اخبار

ہفت روزہ

لائلپور پوسٹ

www.layalpurpost.com

چیف ایڈیٹر پبلشر منیر احمد ڈار

ایڈیٹر: رفعت منیر ڈار

جلد نمبر 2 | منگل، 19 اگست، 2025ء، 24 صفر، 1447ھ، 4 بھادوں 2081 ب م | شمارہ نمبر 43

طوفانی بارشوں کا امکان

مریم نواز کا متعلقہ اداروں کو الرٹ رہنے کا حکم

کوہ سلیمان رود کوہیوں میں ممکنہ سیلابی ریلوں سے بچاؤ کے لئے پیشگی انتظامات کئے جائیں، دریاؤں کے پاٹ میں موجود شہریوں کا فوری انخلاء یقینی بنایا جائے، ڈپٹی کمشنرز اور متعلقہ افسران فیلڈ میں موجود رہیں، وزیر اعلیٰ پنجاب

دریاؤں، نہروں اور ندی نالوں میں طغیانی کے پیش نظر نہانے پر پابندی، دریاؤں اور ندی نالوں کے کناروں پر پولیس پٹرولنگ بڑھائی جائے، والدین بچوں کو دریاؤں اور ندی نالوں کے قریب جانے سے روکیں وزیر اعلیٰ مریم نواز

نارووال: ریسکیو ٹیمیں نالہ ہیں میں پھنسے لوگوں کو محفوظ مقام پر منتقل کرنے کے لیے آپریشن کر رہی ہیں

لاہور (این ای این) وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب میں ممکنہ طوفانی بارشوں کے پیش نظر متعلقہ اداروں کو الرٹ رہنے کا حکم دیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے پی ڈی ایم اے پنجاب، انتظامیہ، پولیس، ریسکیو کو ضروری پیشگی اقدامات کی ہدایت کی ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے ڈپٹی کمشنرز اور دیگر متعلقہ افسران کو فیلڈ میں موجود رہنے کے احکامات دیئے ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز (بقیہ نمبر 7)

حج درخواستوں کی وصولی میں ایک دن کی توسیع

ایک دن کی توسیع 'پہلے آیئے پہلے پایئے' کی بنیاد پر ہے

نشستیں مکمل ہوتے ہی حج درخواستوں کی وصولی روک دی جائیگی

اسلام آباد (این این آئی) حج درخواستوں کی وصولی میں ایک دن کی توسیع کر دی گئی۔ وزارت مذہبی امور کے ترجمان کے مطابق نامزد بینکوں میں پیر 18 اگست کو حج درخواستوں کی وصولی جاری رہے گی۔ ترجمان نے بتایا کہ 12 روز میں 1 لاکھ 10 ہزار (بقیہ نمبر 8)

پنجاب میں بھی کلاؤڈ برسٹ کا الرٹ جاری

اسلام آباد، آزاد کشمیر، گلگت بلتستان اور خیبر پختونخوا میں شدید بارشوں کی پیش گوئی، بارشوں کے تسلسل سے پانی کے ذخائر مزید بڑھ سکتے

اسلام آباد، لاہور (این این آئی) محکمہ موسمیات نے پنجاب میں بھی کلاؤڈ برسٹ کا الرٹ جاری کر دیا ہے۔ بارشوں کا نیا سلسلہ آج سے شروع ہونے کا امکان ہے جو 19 اگست تک جاری رہ سکتا ہے۔ جبکہ ملک بھر میں (بقیہ نمبر 11)

سی سی ڈی سے مبینہ مقابلوں میں مزید 2 ملزمان ہلاک

ٹیکسلا میں سی سی ڈی ٹیم کے ساتھ فائرنگ کے تبادلے میں بدنام زمانہ اشتہاری عامر شاہ ہلاک ہو گیا

لاہور، راولپنڈی (این این آئی) لاہور اور راولپنڈی میں کرائم کنٹرول ڈپارٹمنٹ کے مبینہ مقابلوں میں مزید 2 ملزمان ہلاک ہو گئے۔ لاہور میں پنجاب بھر میں قتل، ڈکیتی اور پولیس مقابلوں کی 96 وارداتوں میں مطلوب (بقیہ نمبر 10)

کوہاٹ، فائرنگ سے 7 دوست جاں بحق ایک زخمی

تمام دوست تانڈہ ڈیم سے پکنک منا کر واپس اپنے گاؤں محمد زئی آ رہے تھے جب انہیں فائرنگ کا نشانہ بنایا گیا

کوہاٹ (این این آئی) کوہاٹ کے نواحی علاقے میں فائرنگ سے 7 افراد جاں بحق اور ایک زخمی ہو گیا۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کے بعد نامعلوم ملزمان فرار ہو گئے۔ مزید تحقیقات جاری ہے۔ ریگی شینو خیل میں نامعلوم (بقیہ نمبر 9)

پاکستان میں جنگلات کا تناسب پانچ فیصد ہے جو کسی بھی ملک کے ماحولیاتی تحفظ کے لیے ناکافی ہے، شہباز شریف

موسمیاتی تبدیلی سے بچاؤ کیلئے شجرکاری بڑھانا ہو گی، وزیر اعظم

تمام شہری اور طبقات کی مشترکہ اور متحد کوششوں سے جنگلات کے تناسب میں خاطر خواہ اضافہ کیا جا سکتا ہے، شجر کاری مہم میں اگلے تین ماہ کے دوران پاکستان کے طول و عرض میں 41 ملین نئے پودے لگائے جائیں گے

ہر شہری شجر کاری مہم کا حصہ بنے، آیئے شجر کاری کی اس قومی مہم میں متحد ہو کر منظم طریقے سے اس کو کامیاب بنائیں تاکہ سرسبز صحت مند، صاف ستھرا اور خوشحال پاکستان ہمارا اور ہماری آنے والی نسلوں کا مقدر بن سکے، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ موسمیاتی تبدیلی کے نقصان دہ اثرات سے بچاؤ کے لیے شجر کاری کے تناسب میں اضافہ انتہائی ضروری ہے، تمام شہری اور طبقات کی طرف سے مشترکہ اور متحد کوششوں سے جنگلات کے تناسب میں خاطر خواہ اضافہ کیا جا سکتا ہے اور پاکستان ماحولیاتی چیلنجز اور مشکلات سے نبرد آزما ہو سکتا ہے، شجر کاری کی اس قومی سطح کی مہم میں اگلے تین ماہ اگست تا اکتوبر کے دوران پاکستان کے طول و عرض میں 41 ملین نئے پودے لگائے جائیں گے۔ جاری اعلامیہ کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف نے سالانہ مون سون شجر کاری مہم کے آغاز پر اپنے پیغام میں کہا کہ پاکستان میں مون سون شجر کاری مہم کے آغاز پر میں (بقیہ نمبر 18)

لاہور، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ٹوکیو پہنچنے پر ایئرپورٹ سے باہر آ رہی ہیں

پنڈی اسلام آباد میں اربن فلڈنگ کا خطرہ

ریسکیو اہلکاروں کو نالہ لئی کے اطراف اور نشیبی علاقے میں تعینات کر دیا گیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد اور راولپنڈی میں تیز بارش کے باعث اربن فلڈنگ کے خطرے کے پیش نظر ریسکیو حکام کو الرٹ رہنے کی ہدایات جاری کر دی گئی ہے۔ ریسکیو حکام کے مطابق جڑواں شہروں میں مزید تیز بارشوں کے پیش نظر (بقیہ نمبر 12)

روس کا پاکستان میں سیلاب سے جانی نقصان پر دکھ اور افسوس کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) روس نے پاکستان میں سیلاب سے جانی نقصان پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اس ضمن میں روس کے صدر ولادیمیر پیوٹن نے صدر پاکستان (بقیہ نمبر 13)

سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں اضافی امدادی سامان کی ترسیل شروع

شہباز شریف کی ہدایت پر وفاقی وزراء بھی خیبر پختونخواہ کے سیلاب سے متاثرہ اضلاع میں ریلیف آپریشنز میں حصہ لیں گے

متاثرہ علاقوں میں امداد کے حوالے سے ترجیحی فہرست کو حتمی شکل دے، مشکل کی اس گھڑی میں متاثرین کے ساتھ کھڑے ہیں، وزیر اعظم

لاہور (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی خصوصی ہدایت پر سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں اضافی امدادی سامان کی ترسیل کا سلسلہ شروع کر دیا گیا جبکہ وزیر اعظم کی ہدایت پر وفاقی وزراء بھی خیبر پختونخواہ کے سیلاب سے متاثرہ اضلاع میں ریلیف آپریشنز میں حصہ لیں گے۔ وزیر اعظم کی ہدایت پر وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان انجینئر امیر مقام ضلع شانگلہ و بونیر، وفاقی وزیر پاور ڈویژن (بقیہ نمبر 4)

اسلام آباد: وزیر اعظم محمد شہباز شریف نقد سے پاک معیشت پر ایک جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

شہری بارشوں کے دوران غیر ضروری سفر سے اجتناب کریں

نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانے، گٹروں کی صفائی اور دیگر ضروری اقدامات پر تیزی سے عملدرآمد کیا جائے گا

چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) کی سربراہی میں اعلیٰ سطحی اجلاس

اسلام آباد (بیورو چیف) چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) کی سربراہی میں ڈائریکٹر جنرل ریسکیو، ڈائریکٹر ایم پی او، ڈائریکٹر سینی ٹیشن، ڈائریکٹر ایم اینڈ آر ایم سمیت روڈز اینڈ مارکیٹس ڈائریکٹوریٹ کے افسران و ملازمین پر مشتمل ایک اعلیٰ سطحی ٹیم نے اسلام آباد کے نشیبی اور حساس علاقوں بشمول سیدپور ولیج اور چھتہ (بقیہ نمبر 1)

فیصل آباد: وزیر اعظم کے معاون رانا احسان افضال نے فیصل آباد فرنیچر ایکسپو کا دورہ کر رہے ہیں

بونیر، عمر خان کے گھر کے 21 افراد سیلابی ریلے میں بہہ گئے

بونیر (این این آئی) بونیر کے عمر خان کے گھر کے 21 افراد سیلابی ریلے میں بہہ گئے، کچھ کی لاشیں مل گئیں۔ قادر نگر کے عمر کے بھائی کی شادی کی خوشیاں سیلاب کی نذر ہو گئیں، اہل خانہ نے اپنے پیاروں کی لاشیں ملبے تلے دبے ہونے کا خدشہ ظاہر کیا ہے، قادر نگر میں سیلابی ریلے میں بہہ کر 84 افراد جان کی بازی ہار گئے۔ خیبر پختون خوا میں بادل (بقیہ نمبر 14)

افغان گینگسٹرز سے روابط ثابت، SHO مہر گل لودھی محکمہ پولیس سے برخاست

ملٹینڈ ولی جان اور مہر گل کی آڈیو کال لیک ہونے کے بعد سی پی او راولپنڈی خالد ہمدانی نے محکمانہ انکوائری کے احکامات جاری کیے تھے

شہری حلقوں نے پولیس حکام کے فیصلے کو خوش آئندہ قرار دیا عوام کے محافظ گینگسٹر کے سہولت کار بن جائیں تو کالی بھیڑوں کا قلع قمع ضروری ہے شہری

گوجر خان (نامہ نگار) افغان ہسٹری شیٹر کے ساتھ سابق ایس ایچ او مندرہ کی کال لیک کی ویڈیو وائرل ہونے کے معاملے میں سی پی او راولپنڈی خالد ہمدانی نے انکوائری لائن کر کے محکمانہ انکوائری کے احکامات جاری کیے تھے ذرائع کے مطابق ان کے افغانی دہشت گرد اور قبضہ مافیا کے سرغنہ ولی جان سے قریبی تعلقات تھے افغان ملٹینڈ کے ساتھ روابط ثابت ہونے پر ایس ایچ او مہر گل لودھی کو محکمے سے برخاست کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق کچھ ماہ قبل ایس ایچ او مہر گل لودھی اور افغان ولی جان کی مبینہ کال آڈیو ریکارڈنگ منظر عام (بقیہ نمبر 19)

راول ڈیم میں پانی کی سطح بلند، اسپل ویز کھول دیے گئے

راول ڈیم میں پانی کی سطح 1751.50 فٹ تک پہنچ گئی، اسپل ویز صبح ساڑھے 8 بجے کھولے گئے

راولپنڈی (این این آئی) حالیہ بارشوں کے باعث راول ڈیم میں پانی کی سطح میں نمایاں اضافہ ریکارڈ ہوا ہے۔ راول ڈیم میں پانی کی سطح 1751.50 فٹ (بقیہ نمبر 25)



گجرات: صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین عدن آئی ٹی سینٹر گجرات میں تربیت مکمل کرنے والے طالبعلم کو سرٹیفکیٹ دے رہے ہیں

سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا یوم شجرکاری کے موقع پر پیغام

بڑھتی ہوئی ماحولیاتی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیوں کے مضر اثرات سے نجات کے لیے شجر کاری کو قومی فریضہ سمجھ کر اپنانا ناگزیر ہے

پاکستان کو سرسبز و شاداب بنانے کے لیے حکومت اور عوام کو مشترکہ عزم کے ساتھ آگے بڑھنا ہو گا، سپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (بیورو چیف) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے یوم شجر کاری کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ بڑھتی ہوئی ماحولیاتی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیوں کے مضر اثرات سے نجات کے لیے شجر کاری کو قومی فریضہ سمجھ کر اپنانا ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنگلات کی تیزی سے کٹاؤ کے باعث طوفانی بارشیں، زمینی کٹاؤ، سیلاب، فضائی آلودگی اور غیر متوقع موسمی تغیرات جیسے مسائل سنگین (بقیہ نمبر 2)

لاہور: چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی اور وزیر داخلہ محسن نقوی وارث میر فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام سیمینار میں سپیکر ملک محمد احمد خان کو سووینئر پیش کر رہے ہیں۔

مہمند میں حادثے کا شکار ہیلی کاپٹر کا سامان چوری، 2 ملزمان گرفتار

مہمند (این این آئی) مہمند میں حادثے کا شکار ہونے والے ہیلی کاپٹر کا سامان چوری کر لیا گیا۔ پولیس نے ہیلی کاپٹر کا سامان چوری کرنے والے 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس نے بتایا کہ ملزمان نے جائے حادثہ سے ہیلی کاپٹر کے ملبے سے سامان چوری کیا تھا۔ خیال رہے کہ 15 اگست کو خیبر پختون (بقیہ نمبر 20)

مون سون بارشیں، اموات کی تعداد 645 ہو گئی

بونیر میں سب سے زیادہ 209 افراد جاں بحق ہوئے، پی ڈی ایم اے

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں رواں سال مون سون بارشوں کے باعث سیلاب اور مختلف حادثات میں جاں بحق افراد کی تعداد 645 ہو گئی۔ نیشنل (بقیہ نمبر 26)

بونیر: وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین خان گنڈاپور سیلاب سے متاثرہ علاقوں کے دورے کے موقع پر شہدا کیلئے فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

ریسکیو آپریشن کے دوران کریش ہونے والے ہیلی کاپٹر کا بلیک باکس مل گیا

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا حکومت کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں امدادی سرگرمیوں کے دوران کریش ہونے والے ایم آئی 17 ہیلی کاپٹر کا بلیک باکس مل گیا ہے۔ سرکاری حکام نے بتایا کہ بلیک باکس جائے حادثہ سے تقریباً 100 میٹر دوری کے (بقیہ نمبر 15)

سوئی گیس کا بدترین بحران، شہریوں کی دہائیاں

سرفراز روڈ گلی سڑی پائپ لائنیں، چولہے ٹھنڈے اور بچے بھوکے

گرجا روڈ، اڈیالہ روڈ، خیابان جناح میں رات بھر لوڈشیڈنگ سے گھریلو زندگی مفلوج

راولپنڈی (بیورو چیف) راولپنڈی کے مختلف علاقوں کے مکینوں کے مطابق سوئی گیس کا بحران دن بدن شدت اختیار کرتا جا رہا ہے جس سے گھریلو زندگی بری (بقیہ نمبر 21)

آئیسکو صارفین پاور اسمارٹ ایپ ڈاؤن لوڈ کریں

اپنا میٹر اپنی ریڈنگ پاور اسمارٹ ایپ شفاف بروقت میٹر ریڈنگ اور درست بجلی بلوں کی ضمانت ہے

فیلڈ فارمیشنز اس صارف دوست اقدام کے بارے میں آگاہی مہم شروع کریں، چیف ایگزیکٹو آئیسکو، انجینئر خالد محمود

اسلام آباد (بیورو چیف) الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر خالد محمود نے کہا ہے کہ بروقت اور درست میٹر ریڈنگ اور اوور بلنگ کا خاتمہ حکومت پاکستان اور وزارت توانائی پاور ڈویژن کی ہمیشہ سے ترجیح رہی ہے اور مختلف ادوار میں اس پر کام بھی ہوتا رہا ہے مگر اب صارفین کے اس مسئلے کا مکمل حل ممکن بنایا گیا ہے اور ایک اسمارٹ پاور ایپلیکیشن اپنا میٹر اپنی ریڈنگ متعارف (بقیہ نمبر 6)

صومالیہ کا پاکستان میں حالیہ سیلاب سے قیمتی جانوں کے ضیاع پر اظہار تعزیت

موغادیشو (این این آئی) صومالیہ کے وزیر خارجہ نے پاکستان میں حالیہ سیلاب سے قیمتی جانوں کے ضیاع پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ دفتر خارجہ کے ترجمان کے مطابق صومالی وزیر خارجہ عبدالسلام عابد علی نے وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے رابطہ کر کے اظہار یکجہتی (بقیہ نمبر 16)

نیو اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے قریب تربیتی طیارہ گر گیا

علاقے کو سیل کر کے جہاز گرنے کی انکوائری شروع کر دی گئی ہے، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) نیو اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے قریب تربیتی طیارہ گر گیا تاہم دو پائلٹ محفوظ رہے۔ ذرائع نے بتایا کہ طیارے میں پائلٹ نوروز (بقیہ نمبر 22)

مزید کلاؤڈ برسٹ دیکھنے پڑ سکتے ہیں، چیئرمین این ڈی ایم اے

آئندہ 3 سے 4 ہفتے میں مزید کلاؤڈ برسٹ ہونے کے امکانات ہیں، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین این ڈی ایم اے لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر نے کہا ہے کہ آئندہ ہفتوں میں مزید کلاؤڈ برسٹ ہو سکتے ہیں۔ نجی ٹی وی سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے کہا کہ آئندہ دو سے تین (بقیہ نمبر 17)

پاکستان میڈیا کونسل کے مرکزی صدر مہر حمید انور ڈلو کی والدہ کی رسم قل

علامہ سید افتخار حسین نقوی ممبر اسلامی نظریاتی کونسل کی صدارت میں ان کے آبائی گاؤں میں نہایت عقیدت و احترام سے ادا کی گئی

اس روحانی اجتماع میں ملک بھر سے سیاسی، سماجی، مذہبی، صحافتی شخصیات اور ڈلو برادری نے بڑی تعداد میں شرکت کی

اسلام آباد (بیورو چیف) پاکستان میڈیا کونسل کے مرکزی صدر مہر حمید انور ڈلو، اور سب انسپکٹر پنجاب پولیس مہر وحید حسین ڈلو کی والدہ مرحومہ کی رسم قل، علامہ سید افتخار حسین نقوی ممبر اسلامی نظریاتی کونسل کی صدارت میں ان کے آبائی گاؤں میں نہایت عقیدت و احترام سے ادا کی گئی۔ اس روحانی اجتماع میں ملک بھر سے سیاسی، سماجی، مذہبی، صحافتی شخصیات اور ڈلو برادری نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ پاکستان میڈیا کونسل کے مرکزی صدر مہر حمید انور ڈلو، سب انسپکٹر پنجاب پولیس مہر وحید حسین ڈلو کی والدہ محترمہ کے ایصال ثواب کے لیے ان کے آبائی گاؤں L 25.14 میں رسم قل خوانی محفل میلاد کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب کی صدارت ممبر اسلامی نظریاتی کونسل، علامہ سید افتخار حسین نقوی اور سائیں قطب علی المعروف علی بابا نے کی۔ خصوصی شرکت فرمانے والوں میں خواجہ اللہ بخش تونسوی (تونسہ شریف)، مخدوم سید حسن زمرد بخاری اوچ شریف پیر عزیز عبداللہ قادر بخش شریف، معروف مذہبی سکالر صبیح محی الدین قادری، پیر اویس نوشاہی قادری، اور پیر آف باہو سلطان (بقیہ نمبر 5)

پاکستان میڈیا کونسل کے مرکزی صدر مہر حمید انور ڈلو، اور سب انسپکٹر پنجاب پولیس مہر وحید حسین ڈلو کی والدہ مرحومہ کی رسم قل ادا کی جا رہی ہے

آل پاکستان رائٹرز ویلفیئر ایسوسی ایشن (اپوا) کے زیر اہتمام یوم آزادی کی تقریب

پاک ہیریٹیج میں استحکام پاکستان کانفرنس، شان پاکستان ایوارڈز 2025 کی تقسیم اور پرچم کشائی کی پروقار اور خوبصورت تقریب منعقد کی گئی

پروگرام کا باقاعدہ آغاز سفیان علی فاروقی کی پرسوز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جس نے محفل میں ایک روحانی سماں باندھ دیا

اسلام آباد (بیورو چیف) آل پاکستان رائٹرز ویلفیئر ایسوسی ایشن (اپوا) کے زیر اہتمام 14 اگست 2025 کو یوم آزادی کے پرمسرت موقع پر لاہور کے ہوٹل پاک ہیریٹیج میں استحکام پاکستان کانفرنس، شان پاکستان ایوارڈز 2025 کی تقسیم اور پرچم کشائی کی پروقار اور خوبصورت تقریب منعقد کی گئی۔ جس کی سرپرستی APWWA کے سینئر وائس چیئرمین ملک یعقوب ایوان نے (بقیہ نمبر 3)

آل پاکستان رائٹرز ویلفیئر ایسوسی ایشن (اپوا) کے زیر اہتمام 14 اگست 2025 کو یوم آزادی کے پرمسرت موقع پر لاہور میں منعقدہ تقریب کے شرکاء کا گروپ فوٹو

اسلام آباد: سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمٰن آل پارٹیز کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

شدید بارشوں کے باعث مارگلہ ہلز کی ٹریلز بند کر دی گئیں

ٹریل 2، 3، 4 اور ٹریل 5 شہریوں کیلئے 19 اگست تک بند کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں مزید بارشوں کی پیشگوئی کے بعد مارگلہ ہلز کی ٹریلز بند کر دی گئیں۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں مزید بارشوں کی پیشگوئی کی گئی ہے جس کے باعث ضلعی انتظامیہ نے مارگلہ ہلز کے 4 ٹریلز کو بند کرنے کا فیصلہ کیا (بقیہ نمبر 23)

کلاؤڈ برسٹ کا الرٹ جاری، 19 اگست تک بارشوں کا امکان

اسلام آباد، آزاد کشمیر، گلگت بلتستان اور خیبر پختونخوا میں شدید بارشوں کی پیش گوئی

اسلام آباد، لاہور (این این آئی) محکمہ موسمیات نے پنجاب میں بھی کلاؤڈ برسٹ کا الرٹ جاری کر دیا ہے۔ جبکہ ملک بھر میں بارشوں کا نیا سلسلہ آج سے شروع (بقیہ نمبر 24)

ہفت روزہ
لائلپور پوسٹ
کینیڈا
www.layalpurpost.com

شجرکاری کے تناسب میں اضافہ انتہائی ضروری

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ موسمیاتی تبدیلی کے نقصان دہ اثرات سے بچاؤ کے لیے شجرکاری کے تناسب میں اضافہ انتہائی ضروری ہے، تمام شہری اور طبقات کی طرف سے مشترکہ اور متحدہ کوششوں سے جنگلات کے تناسب میں خاطر خواہ اضافہ کیا جاسکتا ہے اور پاکستان ماحولیاتی چیلنجز اور مشکلات سے نبرد آزما ہو سکتا ہے، شجرکاری کی اس قومی سطح کی مہم میں اگلے تین ماہ اگست تا اکتوبر کے دوران پاکستان کے طول و عرض میں 41 ملین نئے پودے لگائے جائیں گے۔ جاری اعلامیہ کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے سالانہ مون سون شجرکاری مہم کے آغاز پر اپنے پیغام میں کہا کہ پاکستان میں مون سون شجرکاری مہم کے آغاز پر میں اپنے تمام عزیز اہل وطن سے اس اہم قومی، ماحولیاتی و موسمیاتی فریضہ کی ادائیگی کی احساس ذمہ داری پیدا کرنے کی گزارش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ آیئے وفاقی و صوبائی حکومتیں، سماجی و مذہبی رہنما اور تمام طبقات و شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے ہر عمر کے شہری اس عزم کی تجدید کریں کیونکہ شجرکاری مہم محض علامتی کارروائی نہیں بلکہ یہ آنے والی نسلوں کے لئے صحت مند، قدرتی ماحول کے تحفظ اور موسمیاتی تغیر سے ہونے والی تباہ کاریوں سے بچاؤ کیلئے قومی فریضہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت مون سون شجرکاری مہم کو اس سال مختلف عنوانات کے تحت منا رہی ہے تاکہ شجرکاری کی اہمیت اور مختلف طبقات میں اس کے کردار کو اجاگر کیا جاسکے، ان میں شجرکاری اور موسمیاتی تبدیلی سے بچاؤ کی کارروائیوں میں خواتین، نوجوانوں، مختلف اداروں کی شمولیت کے ساتھ ساتھ بچاؤ کی مہمات میں ہمارے شہداء کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنا شامل ہے۔

بقیہ نمبر 1

بختاور کا دورہ کیا تاکہ مون سون بارشوں کے دوران کیے جانے والے انتظامات کو حتمی شکل دی جاسکے۔ اس سلسلہ میں مون سون بارشوں کے متوقع سپل کے دوران نکاسی آب کو یقینی بنانے کیلئے ایک جامع منصوبہ تیار کیا گیا ہے، جس کے تحت نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانے، گٹروں کی صفائی اور دیگر ضروری اقدامات پر تیزی سے عملدرآمد کیا جائے گا۔ علاوہ ازیں، عوام الناس سے بھی اپیل کی گئی ہے کہ وہ بارش کے دوران نالوں اور آبی گذرگاہوں کو رکاوٹوں سے پاک رکھیں اور ممکنہ احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔ واضح رہے سی ڈی اے انتظامیہ کی جانب سے تمام متعلقہ محکموں کو ہدایات جاری کردی گئی ہیں کہ وہ بارشوں کے دوران فوری ردعمل کیلئے مکمل طور پر تیار رہیں۔ ریسکیو ٹیموں، سینی ٹیشن اسٹاف اور دیگر اہلکاروں کو بھی الرٹ کردیا گیا ہے تاکہ کسی بھی غیر متوقع صورت حال سے بروقت نمٹا جاسکے۔ چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد کی ہدایت پر عملدرآمد کرتے ہوئے متعلقہ افسران و ملازمین کی چھٹیاں بھی منسوخ کردی گئیں ہیں تاکہ شہریوں کو مون سون بارشوں کے دوران شہریوں کو کسی بھی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ سی ڈی اے انتظامیہ نے شہریوں سے بھی تعاون کی اپیل کی ہے کہ وہ بارشوں کے دوران غیر ضروری سفر سے اجتناب کریں اور کسی بھی ہنگامی صورت میں فوری طور پر سی ڈی اے ہیلپ لائن یا متعلقہ اداروں سے رابطہ کریں کیونکہ عوام کی تعاون سے ہی موسمی چیلنجز سے بہتر طور پر نمٹا کیا جاسکتا ہے اور جانی و مالی نقصان پر قابو بھی پانے میں بھی مدد مل سکتی ہے

بقیہ نمبر 2

شکل اختیار کر چکے ہیں، جن پر قابو پانے کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات اٹھانا انتہائی ضروری ہیں تاکہ آنے والی نسلوں کو ایک صاف اور محفوظ ماحول فراہم کیا جاسکے۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ درخت صرف آکسیجن ہی نہیں فراہم کرتے بلکہ ماحولیاتی توازن قائم رکھنے، موسمی تغیرات کے منفی اثرات کو کم کرنے اور کرۂ ارض کے حسن کو برقرار رکھنے میں بھی بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے پوری قوم سے اپیل کی کہ شجرکاری کو ایک مستقل قومی تحریک بنایا جائے اور ہر شہری اس میں اپنی عملی شمولیت یقینی بنائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کو سرسبز و شاداب بنانے کے لیے حکومت اور عوام کو مشترکہ عزم کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا۔ اسکولوں، کالجوں، دیہاتوں اور شہروں میں بڑے پیمانے پر شجرکاری مہمات چلائی جائیں تاکہ ملک ماحولیاتی خودکفالت کی طرف بڑھ سکے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے زور دیتے ہوئے کہا کہ صرف پودے لگانا ہی کافی نہیں بلکہ ان کی نگہداشت اور باقاعدہ نگرانی بھی ضروری ہے، تاکہ یہ تناور درخت بن کر ماحولیاتی نظام کو سہارا دے سکیں۔ انہوں نے کہا کہ پائیدار ترقی اور ایک صحت مند معاشرہ اسی وقت ممکن ہے جب ہر فرد شجرکاری کو اپنی ذمہ داری سمجھے اور اس میں بھرپور حصہ لے۔ ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی سید غلام مصطفیٰ شاہ نے یوم شجرکاری کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ شجرکاری نہ صرف ماحولیاتی ضرورت ہے بلکہ یہ ہمارے مذہبی اور تہذیبی اقدار کا بھی حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہروں اور دیہاتوں کو سرسبز و شاداب بنانے کے لیے عوامی شعور بیدار کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی نے عوام، تعلیمی اداروں اور سماجی تنظیموں سے اپیل کی کہ وہ شجرکاری مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں تاکہ پاکستان کو ایک سرسبز، خوشحال اور پُرامن ملک بنایا جاسکے۔

بقیہ نمبر 3

کی، جبکہ دیگر معاملات کی نگرانی تنظیم کے بانی ایم ایم علی نے کی۔ تقریب کا بنیادی مقصد ادب اور دیگر شعبوں میں نمایاں خدمات انجام دینے والی شخصیات کو ان کی کاوشوں پر سراہنا تھا۔ پروگرام کا باقاعدہ آغاز سفیان علی فاروقی کی پرسوز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جس نے محفل میں ایک روحانی سماں باندھ دیا۔

بقیہ نمبر 4

سردار اویس لغاری ضلع بونیر، وفاقی وزیر مذہبی امور سردار یوسف ضلع مانسہرہ اور وزیراعظم کے معاون خصوصی مبارک زیب ضلع باجوڑ میں امدادی سامان کی سیلاب متاثرین تقسیم کی نگرانی کریں گے۔ گزشتہ روز بھی وفاقی وزیر کشمیر و گلگت بلتستان انجینئر امیر مقام نے وزیراعظم کی خصوصی ہدایت پر سارا دن خیبر پختونخواہ میں سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں گزارا اور امدادی سرگرمیوں کی نگرانی کی اور امدادی سامان کی ترسیل کا خود جائزہ لیا۔ وزیراعظم کی ہدایت پر نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی سیلاب سے متاثرہ تمام اضلاع میں ریلیف آپریشن کر رہی ہے، پاک فوج سمیت دیگر تمام خدماتی ادارے اور این جی اوز بھی ریلیف کے کاموں میں بھرپور حصہ لے رہے ہیں، وزیراعظم صوبہ خیبر پختونخواہ کے سیلاب سے متاثرہ تمام اضلاع میں این ڈی ایم اے کی امدادی کارروائیوں کی خود نگرانی کر رہے ہیں، پی ایم ریلیف پیکج کے تحت امدادی سامان پر مشتمل مزید ٹرک متاثرہ اضلاع میں بھیجے جا رہے ہیں، امدادی سامان میں راشن، خیمے اور ادویات شامل ہیں جو ضلعی انتظامیہ کے حوالے کیا جا رہا ہے۔ وزیراعظم نے چیئرمین این ڈی ایم اے کو خیبر پختونخواہ، گلگت بلتستان اور آزاد جموں و کشمیر کے ڈیزاسٹر مینجمنٹ کے اداروں سے مسلسل رابطے میں رہنے اور امدادی سرگرمیوں کو مزید مربوط بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ این ڈی ایم اے صوبائی حکومتوں بشمول پی ڈی ایم ایز/جی بی ڈی ایم اے کے ساتھ مل کر متاثرہ علاقوں میں امداد کے حوالے سے ترجیحی فہرست کو حتمی شکل دے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ مشکل کی اس گھڑی میں سیلاب متاثرین کے ساتھ کھڑے ہیں۔

بقیہ نمبر 5

نوشاہی قادری، اور پیر آف باہو سلطان معروف علی قادری حافظ کاظم رضا نقوی شامل تھے۔ اس موقع پر پولیس کے اعلیٰ افسران، صحافی، سیاسی و سماجی رہنما، مذہبی و روحانی شخصیات سمیت ڈوٹو برادری بڑی تعداد میں موجود تھی محفل میں عالمی شہرت یافتہ نعت گو شاعر احمد علی حاکم، حافظ عثمان قادری (لاہور) اور ننھے منے ثناخوان محمد شہباز (اسلام آباد) نے عقیدت و محبت کے پھول بارگاہ رسالت ﷺ میں پیش کیے۔ رسم قل کا ختم شریف معروف مذہبی اسکالر قاری صداقت علی فریدی آف لاہور نے پڑھا، جب کہ اختتامی دعا محفل میں آئے پیر صاحبان نے پڑھائی۔

بقیہ نمبر 6

کروا دی گئی ہے جس کا افتتاح محترم وزیراعظم پاکستان جناب میاں محمد شہباز شریف اور وفاقی وزیر توانائی پاور ڈویژن سردار اویس احمد خان لغاری نے کردیا ہے چیف ایگزیکٹو آئیسکو انجینئر خالد محمود نے صارفین سے درخواست کی ہے کہ وہ متعارف کردہ پاور اسمارٹ موبائل ایپلیکیشن اپنا میٹر ریڈنگ کو فوری طور پر، گوگل پلے اسٹور یا ایپل اسٹور سے ڈاؤن لوڈ کریں اپنے قومی شناختی کارڈ یا موبائل نمبر سے اپنے آپ کو اس ایپلیکیشن پر رجسٹرڈ کروائیں اور مقررہ میٹر ریڈنگ کی تاریخ اور مقررہ وقت پر اپنے بجلی میٹر پر موجود میٹر ریڈنگ کی تصویر لیں اور اس کو ایپ پر اپ لوڈ کردیں آپ کی لی جانے والی میٹر ریڈنگ کی تصویر متعلقہ آئیسکو دفتر کو خود کار طریقے سے موصول ہو جائے گی اور آپ کو بروقت اور درست میٹر ریڈنگ کا بل موصول ہوگا صارفین میٹر ریڈنگ کی واضح تصویر لیں۔ انجینئر خالد محمود نے کہا پاور اسمارٹ ایپ اپنا میٹر اپنی ریڈنگ بلاشبہ پاکستان کے پاور سیکٹر میں ایک انقلابی اقدام ہے جس میں صارفین کو بلنگ سرکل میں براہ راست شامل کیا گیا ہے اور انہیں بروقت شفاف اور منصفانہ بجلی بل کا حصہ بنایا گیا ہے جو کہ حکومت پاکستان وزارت توانائی اور آئیسکو کا ایک اہم فریضہ ہے آئیسکو چیف ایگزیکٹو انجینئر خالد محمود نے آئیسکو افسران اور سٹاف ممبران کو احکامات جاری کیئے ہیں کے وہ اس صارف دوست اقدام کے بارے میں صارفین کو ہر فورم پر آگاہی فراہم کریں تاکہ صارفین اس اپنا میٹر اپنی ریڈنگ ایپ کے فوائد سے مستفید ہوسکیں اور بروقت اور سو فیصد درست میٹر ریڈنگ کو یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ نمبر 7

شریف نے کہا کہ ڈپٹی کمشنرز، پی ڈی ایم اے پنجاب کی جاری کردہ ہدایات پر عملدرآمد یقینی بنائیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے بالائی پنجاب میں کلاؤڈ برسٹ کے خدشے کے پیش نظر ضروری اقدامات کی ہدایت کی ہے

بقیہ نمبر 8

سے زائد حج درخواستیں موصول ہوئی ہیں، سرکاری حج اسکیم میں 7 ہزار نشستیں باقی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک دن کی توسیع 'پہلے آئیے پہلے پایئے' کی بنیاد پر ہے، نشستیں مکمل ہوتے ہی حج درخواستوں کی وصولی روک دی جائے گی۔

بقیہ نمبر 9

ملزمان کی فائرنگ سے جاں بحق افراد اور زخمی شخص کو ڈی ایچ کیو اسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ جاں بحق ہونے والے تمام افراد آپس میں دوست تھے۔ حکام نے کہا کہ تمام دوست ٹانڈہ ڈیم سے پکنک منا کر واپس اپنے گاؤں محمد زئی آ رہے تھے جب انہیں فائرنگ کا نشانہ بنایا گیا۔

بقیہ نمبر 10

ملزم کاشف سی سی ڈی کوتوالی کے ساتھ مبینہ مقابلے میں ہلاک ہوگیا۔ حکام کے مطابق موٹر سائیکل سوار دو افراد کو ناکے پر روکا تو انہوں نے پولیس پر فائرنگ کردی۔ جوابی فائرنگ سے ملزم ہلاک ہوگیا۔ دوسری جانب راولپنڈی کے علاقے ٹیکسلا میں سی سی ڈی ٹیم کے ساتھ فائرنگ کے تبادلے میں بدنام زمانہ اشتہاری عامر شاہ ہلاک ہوگیا۔ ملزم پر راولپنڈی اور سرگودھا میں قتل کے متعدد مقدمات درج تھے۔ ذرائع کے مطابق ٹیکسلا میں موٹرسائیکل پر سوار ملزمان کو سی سی ڈی ٹیم نے مشکوک جان کر روکنے کی کوشش کی۔ اس دوران ملزمان نے اہلکاروں پر فائرنگ کردی۔ جوابی کارروائی میں ملزم عامر شاہ زخمی حالت میں گرفتار ہوا لیکن اسپتال منتقلی کے دوران دم توڑ گیا۔ فائرنگ کے تبادلے میں سی سی ڈی اہلکار محفوظ رہے، جبکہ ملزم کے ساتھی موقع سے فرار ہوگئے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ عامر شاہ بدنام زمانہ اشتہاری اور قتل کے بارہ مقدمات میں انتہائی مطلوب تھا۔ ملزم نے ماضی میں دینہ کے قریب اے این ایف اہلکاروں کو فائرنگ کر کے قتل کیا، عید کے دنوں میں جاتلی میں تین افراد کو قتل کیا، جبکہ تھانہ پھلروان سرگودھا کے علاقے میں خاتون کو اس کے والد اور بھائی سمیت قتل کرنے کے واقعات میں بھی ملوث رہا۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں کے مطابق، عامر شاہ سوشل میڈیا پر پولیس اور اداروں کے افسران کو دھمکیاں دیتا رہا اور طویل عرصے سے اداروں کے لیے ایک بڑا چیلنج بنا ہوا تھا۔

بقیہ نمبر 11

اسلام آباد، آزاد کشمیر، گلگت بلتستان اور خیبر پختونخوا میں شدید بارشوں کی پیش گوئی کی گئی ہے، اسی طرح سندھ اور بلوچستان کے مختلف علاقوں میں بھی بارش ہونے کا امکان ہے۔ محکمہ آبپاشی کا کہنا ہے کہ بارشوں اور گلیشیئرز کے پگھلنے کے باعث پنجاب کے دریاؤں میں پانی کے بہاؤ میں اضافہ ہو رہا ہے۔ ادارے کے مطابق دریائے سندھ میں کالا باغ اور چشمہ بیراج پر درمیانے درجے کا سیلاب ہے جبکہ تربیلا اور تونسہ بیراج پر نچلے درجے کا سیلاب ریکارڈ کیا گیا ہے۔ دریائے ستلج میں گنڈا سنگھ والا کے مقام پر بھی نچلے درجے کا سیلاب موجود ہے، تاہم دریائے چناب، جہلم اور ان سے ملحقہ نالوں میں پانی کا بہاؤ فی الحال معمول پر ہے۔ ڈیموں کی صورتحال کے حوالے سے رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ تربیلا ڈیم 96 فیصد جبکہ منگلا ڈیم 67 فیصد تک بھر چکا ہے۔ ماہرین نے خبردار کیا ہے کہ بارشوں کے تسلسل سے پانی کے ذخائر مزید بڑھ سکتے ہیں۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز خیبر پختونخوا میں کلاؤڈ برسٹ اور سیلابی ریلوں سے تباہی 313 افراد جاں بحق جبکہ 156 افراد زخمی ہوچکے ہیں۔ سیلابی پانی نے درجنوں گھروں، رابطہ سڑکوں کو بھی شدید نقصان پہنچایا۔

بقیہ نمبر 12

ریسکیو 1122 کو ہائی الرٹ کردیا گیا ہے اور اہلکاروں کو نالہ لئی کے اطراف اور نشیبی علاقوں میں تعینات کردیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ ریسکیو اہلکار کو کٹاریاں، گوالمنڈی اور دیگر نشیبی علاقوں میں بھی تعینات کیے گئے ہیں۔ حکام نے عوام سے اپیل کی ہے کہ والدین بچوں کو نالہ لئی اور بجلی کے کھمبوں کے پاس ہرگز جانے نہ دیں، اربن فلڈنگ سے قبل محفوظ مقامات پر منتقل ہو جائیں، بارش کے دوران کمزور اور خستہ حال چھتوں کے نیچے نہ جائیں اور بارش کے دوران ندی نالوں کو عبور کرنے سے گریز کریں۔ دوسری جانب ایم ڈی واسا کی جانب سے بتایا گیا ہے کہ اسلام آباد، راولپنڈی میں گزشتہ رات سے اب تک مجموعی طور پر 80 ملی میٹر سے زائد بارش ریکارڈ کی جاچکی ہے۔ ایم ڈی واسا کے مطابق نالہ لئی میں کٹاریاں کے مقام پر 15 فٹ اور گوالمنڈی پل پر پانی کا بہاؤ 11 فٹ ہے جبکہ محکمہ موسمیات نے مزید بارشوں کی پیش گوئی کی ہے۔

بقیہ نمبر 13

آصف علی زرداری کے نام تعزیتی خط لکھا۔ خط میں صدر ولادیمیر پیوٹن نے خیبر پختونخوا میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ صدر ولادیمیر پیوٹن نے جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کیا۔ ولادیمیر پیوٹن نے زخمیوں کی جلد صحت یابی اور متاثرہ خاندانوں کے لیے نیک تمنائیں کیں

بقیہ نمبر 14

پھٹنے کے بعد سیلاب سے جاں بحق افراد کی تعداد 328 ہوگئی ہے، متاثرہ علاقوں میں ہر طرف ملبے اور بہہ کر آنے والے بڑے بڑے پتھروں کے ڈھیر ہیں۔ سوات میں سیلابی ریلوں سے سرکاری اسکول کی عمارت بھی متاثر ہوئی، پرنسپل نے حاضر دماغی سے کام لے کر سیلاب کے وقت اسکول میں موجود 936 بچوں کو فوری طور پر محفوظ مقام پر منتقل کردیا۔ مزید بارشوں کی پیش گوئی کے پیش نظر دریائے سوات اور برساتی نالوں کے اطراف کی آبادی کو محفوظ مقام پر منتقلی کی ہدایت کی گئی ہے۔ پی ڈی ایم اے، پاک فوج، ضلعی انتظامیہ، ریسکیو اور مقامی رضا کاروں کی امدادی کارروائیاں جاری رہیں، پاک فوج کی ٹیم آلات کی مدد سے ملبے کے نیچے دبے زخمیوں اور لاشوں کو ڈھونڈنے میں مدد کر رہی ہے۔ انجینئرنگ کور کے جوان ٹوٹے ہوئے پلوں اور بند راستے کھولنے میں مصروف ہیں، گلگت بلتستان میں 4 روز سے شاہراہ بلتستان بند، پیٹرولیم مصنوعات اور اشیائے خورونوش کی شدید قلت ہے، سنق نالہ روندو کا سیلاب مسجد اور رہائشی ہوٹل کے متعدد کمرے بہا لے گیا، باغیچہ کا آر سی سی پل سیلاب کی نذر ہوگیا، بلاغونڈ نالے کے سیلاب میں پاور ہاؤس بہہ گیا۔

بقیہ نمبر 15

فاصلے سے ملا، پولیس نے تباہ ہونے والے ہیلی کاپٹر کا بلیک باکس متعلقہ حکام کے حوالہ کردیا ہے۔ یاد رہے کہ گزشتہ دنوں صوبے میں آنے والے بدترین سیلاب کے دوران ریسکیو آپریشن میں مصروف سرکاری ہیلی کاپٹر مہمند پنڈیالی سوکئی پہاڑی کے قریب حادثے کا شکار ہوا تھا، جس میں سوار 5 افراد شہید ہوگئے تھے۔ حادثے کے بعد وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے بتایا تھا کہ امدادی ہیلی کاپٹر میں 2 پائلٹ اور عملے کے 3 ارکان سوار تھے، حادثے کا شکار ہیلی کاپٹر باجوڑ کے بارش متاثرین کیلئے امدادی سامان لے کر جارہا تھا۔

بقیہ نمبر 16

کیا ہے۔ ترجمان کے مطابق صومالی وزیر خارجہ نے سیلاب متاثرین کے لیے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے بتایا ہے کہ وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے مشکل گھڑی میں صومالیہ کی حمایت پر شکریہ ادا کیا۔ ترجمان کے مطابق پاکستان اور صومالیہ نے برادرانہ تعلقات مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ بھی کیا

بقیہ نمبر 17

ہفتوں میں مزید کلاؤڈ برسٹ دیکھنے پڑ سکتے ہیں اور کے پی جیسی صورتحال ہو سکتی ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر نے کہا کہ شمالی پنجاب، آزاد جموں کشمیر، گلگت بلتستان میں آئندہ 3 سے 4 ہفتے میں مزید کلاؤڈ برسٹ ہونے کے امکانات ہیں۔ واضح رہے کہ خیبر پختونخوا میں بارشوں، سیلاب، لینڈ سلائیڈنگ اور آسمانی بجلی گرنے سے اب تک 328 افراد جاں بحق اور درجنوں زخمی ہو چکے ہیں۔ اس سے چند ہفتوں قبل گلگت بلتستان میں بھی کلاؤڈ برسٹ ہوا تھا جس کے بعد شدید بارشیں ہوئیں جس کے بعد سیلاب سمیت لینڈ سلائیڈنگ کے باعث متعدد افراد جاں بحق ہوگئے تھے۔

بقیہ نمبر 18

اپنے تمام عزیز اہل وطن سے اس اہم قومی، ماحولیاتی و موسمیاتی فریضہ کی ادائیگی کی احساس ذمہ داری پیدا کرنے کی گزارش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ آیئے وفاقی و صوبائی حکومتیں، سماجی و مذہبی رہنما اور تمام طبقات و شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے ہر عمر کے شہری اس عزم کی تجدید کریں کیونکہ شجرکاری مہم محض علامتی کارروائی نہیں بلکہ یہ آنے والی نسلوں کے لئے صحت مند، قدرتی ماحول کے تحفظ اور موسمیاتی تغیر سے ہونے والی تباہ کاریوں سے بچاؤ کیلئے قومی فریضہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت مون سون شجرکاری مہم کو اس سال مختلف عنوانات کے تحت منا رہی ہے تاکہ شجرکاری کی اہمیت اور مختلف طبقات میں اس کے کردار کو اجاگر کیا جاسکے، ان میں شجرکاری اور موسمیاتی تبدیلی سے بچاؤ کی کارروائیوں میں خواتین، نوجوانوں، مختلف اداروں کی شمولیت کے ساتھ ساتھ بچاؤ کی مہمات میں ہمارے شہداء کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنا شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ انسانی زندگی پر مثبت اثرات کے ساتھ شجرکاری ہمارے پیارے وطن کے بیش بہا قیمتی قدرتی وسائل، حیوانات و نباتات کے تحفظ اور افزائش میں کلیدی حیثیت رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی کے نقصان دہ اثرات سے بچاؤ کے لیے شجرکاری کے تناسب میں اضافہ انتہائی ضروری ہے۔

بقیہ نمبر 19

پر آئی تھی، جس میں دونوں کے تعلقات اور روابط آشکار ہوئے تھے آڈیو کال لیک سامنے آنے کے بعد محکمہ پولیس نے ان کے خلاف سخت کارروائی کرتے ہوئے انہیں سروس سے ڈسمس کردیا ذرائع کا کہنا ہے کہ مذکورہ افسر کے خلاف اعلیٰ سطح پر شکایات موصول ہو رہی تھیں اور ان کے مختلف جرائم پیشہ عناصر کے ساتھ روابط کی رپورٹس بھی سامنے آئیں تھیں محکمہ پولیس نے ان الزامات کی روشنی میں سخت ایکشن لیتے ہوئے انہیں فورس سے نکال دیا عوامی سماجی حلقوں نے اعلی پولیس حکام کے اس فیصلے کا خیر مقدم کیا اور اسے خوش عین عمل قرار دیتے ہوئے کہا کہ محکمے میں چھپی ایسی تمام کالی بھیڑوں کا صفایا ہونا چاہیئے جنکے جرائم پیشہ عناصر کیساتھ روابط ہوں ایسے افسران محکمے کی ساکھ خراب کا باعث بنتے ہیں جن کو یونیفارم کے تقدس کا بھی کوئی خیال نہیں اور عوام کے محافظ بننے کے بجائے غیر ملکی دہشت گرد قبضہ مافیا کے سہولت کار بن جاتے ہیں ایسے افسر کسی بھی رعایت کے لائق نہیں ہوتے

بقیہ نمبر 20

خوا حکومت کا سرکاری ہیلی کاپٹر امدادی کارروائیوں سے واپسی پر ضلع مہمند میں گر کر تباہ ہوگیا تھا، حادثے میں 2 پائلٹس سمیت عملے کے 5 افراد شہید ہوئے تھے۔ ہیلی کاپٹر حادثے کی تحقیقاتی ٹیم دوبارہ ضلع مہمند پہنچ گئی، سرکاری حکام کے مطابق تحقیقاتی ٹیم نے جائے حادثہ کا زمینی جائزہ لیا۔ تحقیقاتی ٹیم نے گزشتہ روز بھی جائے وقوعہ کا فضائی جائزہ لیا تھا۔ سرکاری ذرائع کے مطابق تحقیقاتی ٹیم نے ہیلی کاپٹر کے ذریعے جائے وقوع کی ویڈیوز اور تصاویر بھی بنائی تھیں، دشوار گزار علاقے کے باعث تحقیقاتی ٹیم کا ہیلی کاپٹر جائے وقوع یا اطراف میں لینڈ نہیں کر سکا۔ تحقیقاتی ٹیم نے جائزہ لیا کہ حادثے کا شکار ہیلی کاپٹر کس طرف سے آیا تھا اور کس طرف جا رہا تھا، تحقیقاتی ٹیم نے وہ پہاڑ بھی دیکھا جس سے ٹکرا کر ممکنہ طور پر سرکاری ہیلی کاپٹر تباہ ہوا، جائے وقوع پر بلند پہاڑ ہیں، جو گزشتہ روز بادلوں اور دھند میں ڈوبے ہوئے تھے۔ حادثے کا شکار ہونے والے ہیلی کاپٹر نے 20 منٹ کی پرواز کی تھی، ابتدائی رپورٹ کے مطابق حادثہ خراب موسم اور شدید دھند کے باعث پیش آیا، شہید افراد کے ڈی این اے سیمپل ٹیسٹ کے لیے لاہور بھجوا دیے گئے ہیں، شہداء میں پائلٹس شاہد سلطان اور ریٹائرڈ ونگ کمانڈر آفتاب شامل ہیں

بقیہ نمبر 21

طرح متاثر ہو رہی ہے۔ سرفراز روڈ، محلہ چوہدری وارث خان کے رہائشیوں نے شکایت کرتے ہوئے کہا کہ پرانی اور گلی سڑی پائپ لائنوں کی وجہ سے گیس کے ساتھ گندا پانی میٹرز میں داخل ہو جاتا ہے، جس کی وجہ سے گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑے ہیں۔ ایک خاتون نے بتایا کہ ہمارے بچے صبح کا ناشتہ دوپہر کو اور رات کا کھانا کبھی کھا کر اور کبھی بھوکے سونے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ مکینوں نے کہا کہ ہم نے بارہا شکایات درج کرائیں لیکن صرف وقتی مرمت کر کے ٹرخا دیا جاتا ہے، مستقل حل کے لئے فوری نئی پائپ لائنیں بچھائی جائیں۔ گرجا روڈ، اڈیالہ روڈ اور خیابانِ جناح کے مکینوں نے بتایا کہ اگرچہ لائنیں درست حالت میں ہیں لیکن رات 9 بجے سے صبح 7 بجے تک مکمل گیس بندش اور دن کے اوقات میں بار بار لوڈشیڈنگ نے زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ ایک شہری نے شکوہ کیا کہ رات بھر گیس بند رہتی ہے، صبح بچوں کو اسکول بھیجنے کے لئے ناشتہ تک تیار نہیں کر پاتے۔ جبکہ ایک بزرگ نے کہا کہ یہ صورتحال مریضوں اور ضعیف افراد کے لئے بھی عذاب بن گئی ہے۔ اہل علاقہ نے حکام پر زور دیا ہے کہ وہ فوری طور پر اس مسئلے کا نوٹس لیں اور عملی اقدامات کریں، کیونکہ اگر گیس کی بندش اور پائپ لائنوں کی خرابی کا بروقت حل نہ نکالا گیا تو عوامی اضطراب اور بے چینی میں اضافہ ہوگا جس کی براہِ راست ذمہ داری گیس انتظامیہ پر عائد ہوگی۔ اس سلسلے میں گیس حکام کا مؤقف حاصل کرنے کی کوشش کی گئی لیکن مؤثر جواب نہ مل سکا۔

بقیہ نمبر 22

اور خاتون ٹرینی پائلٹ عائشہ سوار تھیں تاہم طیارے میں سوار دونوں پائلٹ محفوظ رہے۔ ذرائع نے بتایا کہ تربیتی طیارہ پرائیوٹ ائیر کلب کی ملکیت ہے اور راما گاؤں میں کھیتوں میں ایئرپورٹ کے ٹاور 9 3 کے قریب گرا۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ امدادی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور پائلٹس کو طبی معائنے کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے اور علاقے کو سیل کر کے جہاز گرنے کی انکوائری شروع کر دی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 23

ہے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق ٹریل 2، 3، 4 اور ٹریل 5 شہریوں کے لیے 19 اگست تک بند رہیں گے جب کہ سید پور گاؤں کے عقب میں واقع ٹریل بھی شہریوں کے لیے بند رہے گا۔ ضلع انتظامیہ کا بتانا ہے کہ شدید اور موسلا دھار بارشوں کی پیشگوئی کے پیش نظر یہ ٹریلز بند کیے گئے ہیں

بقیہ نمبر 24

ہونے کا امکان ہے جو 19 اگست تک جاری رہ سکتا ہے۔ اسلام آباد، آزاد کشمیر، گلگت بلتستان اور خیبر پختونخوا میں شدید بارشوں کی پیش گوئی کی گئی ہے، اسی طرح سندھ اور بلوچستان کے مختلف علاقوں میں بھی بارش ہونے کا امکان ہے۔ محکمہ آبپاشی کا کہنا ہے کہ بارشوں اور گلیشیئرز کے پگھلنے کے باعث پنجاب کے دریاؤں میں پانی کے بہاؤ میں اضافہ ہو رہا ہے۔ ادارے کے مطابق دریائے سندھ میں کالا باغ اور چشمہ بیراج پر درمیانے درجے کا سیلاب ہے جبکہ تربیلا اور تونسہ بیراج پر نچلے درجے کا سیلاب ریکارڈ کیا گیا ہے۔ دریائے ستلج میں گنڈا سنگھ والا کے مقام پر بھی نچلے درجے کا سیلاب موجود ہے، تاہم دریائے چناب، جہلم اور ان سے ملحقہ نالوں میں پانی کا بہاؤ فی الحال معمول پر ہے۔ ڈیموں کی صورتحال کے حوالے سے رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ تربیلا ڈیم 96 فیصد جبکہ منگلا ڈیم 67 فیصد تک بھر چکا ہے۔ ماہرین نے خبردار کیا ہے کہ بارشوں کے تسلسل سے پانی کے ذخائر مزید بڑھ سکتے ہیں۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز خیبر پختونخوا میں کلاؤڈ برسٹ اور سیلابی ریلوں سے تباہی 313 افراد جاں بحق جبکہ 156 افراد زخمی ہوچکے ہیں۔ سیلابی پانی نے درجنوں گھروں، رابطہ سڑکوں کو بھی شدید نقصان پہنچایا۔

بقیہ نمبر 25

تک پہنچ گئی جس کے بعد ڈیم کے اسپل ویز صبح ساڑھے 8 بجے کھول دیے گئے۔ ضلعی انتظامیہ نے بتایا کہ تمام ضروری اقدامات بروقت مکمل کر لیے گئے ہیں، اسسٹنٹ کمشنرز، مجسٹریٹس اور امدادی عملہ فیلڈ میں موجود ہے۔ ضلعی انتظامیہ نے مزید بتایا کہ سیلابی صورتحال کے پیش نظر ہنگامی اقدامات جاری ہیں، سید پور ونیچ اور چٹھہ بختاور سمیت تمام علاقوں میں نکاسی ? ا ?ب کا کام جاری ہے۔ ضلعی انتظامیہ نے شہریوں کو ہنگامی صورتحال میں 16 پر اطلاع دینے کی ہدایت بھی کی ہے۔ علاوہ ازیں، اے ڈی سی جی صاحبزادہ یوسف نے نکاسی آب کے عمل کا جائزہ بھی لیا۔

بقیہ نمبر 26

ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) نے مون سون بارشوں سیلاب، لینڈ سلائیڈنگ سے نقصانات کے تازہ اعداد و شمار جاری کردیے۔ رپورٹ کے مطابق مختلف علاقوں میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 151 لوگ جاں بحق ہوگئے۔ سب سے زیادہ 144 افراد خیبر پختونخوا میں جاں بحق ہوئے، جاں بحق افراد میں 124 مرد، 16 خواتین اور 11 بچے شامل ہیں۔ سیلاب سے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 137 افراد زخمی بھی ہوئے، زخمی ہونے والوں میں 107 مرد، 20 خواتین اور 10 بچے شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق 26 جون سے 16 اگست تک جاں بحق افراد کی تعداد 645 ہوگئی۔ دوسری جانب پی ڈی ایم اے کے مطابق خیبر پختونخوا میں بارشوں و سیلابی ریلوں سے مختلف حادثات میں جاں بحق افراد کی تعداد 314 ہوگئی جبکہ 156 افراد زخمی ہیں۔ صوبے میں بارشوں سے 159 گھروں کو نقصان پہنچا جس میں 97 کو جزوی جبکہ 62 مکمل منہدم ہوگئے۔ حادثات سوات، بونیر، باجوڑ، تورغر، مانسہرہ، شانگلہ، بٹگرام میں پیش آئے، سیلاب سے سب سے زیادہ متاثر ضلع بونیر ہے، بونیر میں 209 افراد جاں بحق ہوئے۔

بقیہ نمبر 27

سازگار انجینئرنگ کے بانی و چیف ایگزیکٹو آفیسر میاں اسد حبیب، تاجروں اور صنعتکاروں کی بڑی تعداد شریک تھی۔ اپنے خطاب میں سردار ایاز صادق نے کہا کہ یہ تقریب پاکستان کی آٹوموبائل صنعت میں ایک اہم سنگ میل کی عکاسی کرتی ہے، جو پاک، چین اقتصادی تعلقات کے فروغ کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت معیشت کو مضبوط بنانے کے لیے ہر ممکن کوشش کر رہی ہے، پاکستانی قوم میں آگے بڑھنے کا غیر معمولی جذبہ موجود ہے، جس کی بدولت ملک مشکل حالات کے باوجود ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔ انہوں نے زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافے اور ترسیلات زر میں نمایاں بہتری کو معاشی استحکام کی علامت قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے دہشت گردی جیسے سنگین چیلنجز کا سامنا کیا لیکن اس کے باوجود ملک میں حالات بتدریج بہتر ہو رہے ہیں، حکومتی پالیسیوں کی بدولت ملک معاشی اور سماجی ترقی کی طرف گامزن ہے۔ سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے حالیہ پاک - بھارت کشیدگی اور پہلگام واقعے کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان نے اس واقعے کی بھرپور مذمت کی۔

بقیہ نمبر 28

مراد علی شاہ نے صحافی خاور حسین کی غیر طبعی موت کا نوٹس لیتے ہوئے آئی جی پولیس سے رپورٹ طلب کر لی۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ وزیر اعلیٰ نے پولیس کے بہترین افسر کو تفتیش سونپنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ تحقیقات کر کے موت کی اصل وجہ کا پتا لگایا جائے۔

بقیہ نمبر 29

لے جانے کے حوالے سے تمام چیف سیکریٹریز وفاقی حکومت سے بھرپور تعاون کریں۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت کیش لیس و ڈیجیٹل معیشت کے حوالے سے جائزہ اجلاس ہوا جس میں وزیراعظم نے کیش لیس معیشت کی جانب اٹھائے گئے اقدامات اور پیشرفت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حکومت معیشت کی ڈیجیٹائزیشن اور لین دین کے نظام کو کیش لیس اور ڈیجیٹل نظام پر لے جانے کے لئے ترجیحی بنیادوں پر کام کر رہی ہے۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ راست کے نظام کو ضلعی حکومتوں کی سطح پر لے جانے کے حوالے سے تمام چیف سیکریٹریز وفاقی حکومت سے بھرپور تعاون کریں۔ اجلاس کو کیش لیس معیشت کے اقدامات پر پیشرفت کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔

بقیہ نمبر 30

بھائیوں کی طبیعت شدید خراب ہوگئی۔ ایس پی اقبال ٹاؤن ڈاکٹر عمر کا کہنا ہے کہ تینوں بچوں کی والدہ کے مبینہ دوست نے انھیں مارنے کی کوشش کی، ریحان نامی ملزم کو گرفتار کر لیا گیا ہے جس نے ابتدائی تفتیش میں بچوں کو نشہ آور گولیاں کھلانے کا اعتراف بھی کر لیا ہے۔ ڈاکٹر عمر نے بتایا کہ 2 روز قبل بچوں کی والدہ صبح جب ملازمت پر گئیں تو ملزم ریحان اس کی عدم موجودگی میں گھر میں گھس آیا، اُس نے تینوں بچوں کو زیادہ مقدار میں نشہ آور گولیاں کھلا دیں، ماموں اور نانی نے بچوں کو اسپتال منتقل کیا لیکن 11 سالہ ایان جانبر نہ ہو سکا۔ ملزم نے ابتدائی تفتیش میں بچوں کو نشہ آور گولیاں کھلانے کا اعتراف بھی کیا ہے اور ملزم کے قبضے سے نشہ آور گولیاں برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ ڈاکٹر عمر نے مزید بتایا کہ بچوں کے والد صدیق 8 سال قبل وفات پا گئے تھے جبکہ بچوں کی والدہ کے ڈھائی سال سے ریحان کے ساتھ مبینہ تعلقات تھے۔

بقیہ نمبر 31

میں شریک تھے۔ ڈویژنل انتظامیہ ملاکنڈ کے حکام نے اجلاس کو ضلع سوات میں سیلاب سے ہونے والی نقصانات، ریسکیو اور ریلیف سرگرمیوں کے بارے تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ حالیہ سیلاب میں ضلع سوات کا مینگورہ شہر سب سے زیادہ متاثر ہوا ہے،

بقیہ نمبر 32

پرچم کی بے حرمتی کی تھی، گرفتار ملزم کا آبائی تعلق باجوڑ سے ہے۔ ایس ایس پی عارف عزیز نے مزید بتایا کہ ملزم نے گرفتاری کے بعد اپنے ویڈیو بیان میں بتایا کہ وہ لی مارکیٹ کا رہائشی اور بنیان کا ٹھیلا لگاتا ہے اور اس نے ہاتھ جوڑ کر معافی مانگتے ہوئے کہا کہ وہ آئندہ ایسی غلطی نہیں کرے گا۔ عارف عزیز کے مطابق پولیس نے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش کے لیے انویسٹی گیشن پولیس کے حوالے کردیا ہے۔

بقیہ نمبر 33

نامے میں مزید کہا گیا کہ ملزمان کے 10 روزہ جسمانی ریمانڈ کی درخواست کو مسترد اور عدالت میں موجود ملزمان کو اس مقدمے سے بری کیا جاتا ہے۔ عدالت نے یہ بھی قرار دیا کہ چھاپے کے دوران کوئی نجی گواہ شامل نہیں کیا گیا اور نہ ہی کسی کا بیان قلمبند کیا گیا۔ مزید برآں نجی جگہ پر چھاپہ مارنے کا اجازت نامہ بھی ریکارڈ کے ساتھ منسلک نہیں، بادی النظر میں یوں لگتا ہے کہ ملزمان کو جعلی اور گھڑی ہوئی باتوں کی بنیاد پر مقدمے میں شامل کیا گیا۔ ملزمان کے وکیل حیدر بٹ نے بتایا کہ تمام گرفتار افراد کو رہا اور ان کے خلاف درج مقدمہ بھی ختم کر دیا گیا ہے۔ قبل ازیں، پنجاب پولیس نے لاہور میں منعقدہ قابل اعتراض نجی پارٹی کے دوران فحاشی کو فروغ دینے کے الزام پر متعدد خواجہ سراؤں کو گرفتار کیا تھا۔ واقعے کی ایف آئی آر کے مطابق پنجاب حکومت نے ان گرفتاریوں کا حکم اس وقت دیا جب نجی پارٹی کی ویڈیوز سوشل میڈیا پر وائرل ہونا شروع ہوئیں، گردش کرنے والی ویڈیوز میں 50 سے 60 افراد کو دیکھا جاسکتا ہے جن میں خواجہ سرا بھی شامل ہیں۔ فیشن ڈیزائنر ماریا بی نے سب سے پہلے یہ ویڈیوز اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر پوسٹ کیں اور ایسی تقریبات کو ملک کی اخلاقی اقدار کے خلاف قرار دیتے ہوئے ویڈیوز میں نظر آنے والے افراد کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا تھا۔ ایف آئی آر کے مطابق یکم اگست کو سامنے آنے والی ویڈیوز میں فحش مواد موجود ہے، جس کے باعث عوامی ردعمل سامنے آیا اور پولیس نے فوری کارروائی کی۔ مقدمہ سرکار کی مدعیت میں نصیر آباد پولیس اسٹیشن میں درج کیا گیا تھا جس میں 50 سے 60 خواجہ سراؤں کے گروہ کو تعزیراتِ پاکستان کی دفعات 292 فحش مواد کی فروخت، -292 اے فحش مواد کی اشاعت / تشہیر، 294 عوامی مقامات پر فحش حرکات کے تحت اور ساؤنڈ سسٹم ایکٹ کی دفعہ 6 کے تحت نامزد کیا گیا۔

بقیہ نمبر 34

ایک مسافر جاں بحق ہوگیا۔ رپورٹس کے مطابق ٹرین میں پھنسے کچھ مسافروں کو نکالنے کے لیے ریسکیو آپریشن جاری ہے۔ حکام کے مطابق حادثے کی وجہ معلوم نہیں ہوسکی۔ عوام ایکسپریس پشاور سے کراچی جا رہی تھی۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثہ رات دو بج کر دس منٹ پر اس وقت پیش آیا جب ٹرین مقررہ اسٹیشن پر نہ رک سکی اور آگے کھڑی مال گاڑی کے انجن سے جا ٹکرائی۔ ریسکیو حکام کے مطابق تصادم کے باعث عوامی ایکسپریس کی پانچ بوگیاں ریلوے ٹریک سے اتر گئیں، جن میں سے تین کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی امدادی ٹیمیں جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں اور بوگیوں میں پھنسے مسافروں کو نکال کر اسپتال منتقل کیا۔ ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر لبنیٰ نذیر سمیت ضلعی انتظامیہ بھی جائے حادثہ پر پہنچی۔ ریلوے حکام کے مطابق اپ اور ڈاؤن ٹریک پر ٹرینوں کی آمدورفت متاثر نہیں ہوئی اور عوامی ایکسپریس کو بھی مرمت اور کلیئرنس کے بعد دوبارہ روانہ کر دیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 35

پر زور دیا اور کہا کہ پاکستان کلمہ، نظریہ اور عقیدہ ہے پاکستان اسلامی نظام حیات کا نام ہے آج کی آزادی کے پیچھے علما کرام کا خون بھی شامل ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان میں محمد مصطفیٰ کا نظام نافذ ہونا چاہیے کشمیر کی آزادی کے لیے پاکستان کو خوشحال بنانا ہوگا لاکھوں افراد شہید ہونے پر آج بھی کشمیر تڑپ رہا بھارتی جیلوں میں بند کشمیری ہماری طرف دیکھ رہے ہیں اہل فلسطین کے لوگ پاکستان کی طرف دیکھ رہے ہیں فلسطین کی آزادی کی جدوجہد کے لیے پاکستان میں اسلامی نظام لانا ہوگا انڈیا کے حملہ کرنے پر ہماری فوج نے بھرپور جواب دیا یہ مجمع انقلاب اور تبدیلی کے لیے جمع ہے منافقت کی، نوٹوں کی، اور بوٹوں کی سیاست اب ختم ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر کوئی یہ سمجھتا ہے کہ پاکستان کی آزادی کے بعد ہم آزاد ہو چکے تو یہ غلط فہمی ہے فاتح پاکستان بنانے کے لیے آپس کے اختلافات بھلا کر متحد قوم ہونا پڑے گا پاکستان میں اتحاد پیدا کرنے والا قافلہ چل پڑا جو خوش آئند ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہودی ایجنٹ مودی کا غرور پاکستان نے خاک میں ملا دیا ہمیں ملکر قائداعظم کے نظریہ کو عملی جامہ پہنانا ہوگا دفاع پاکستان کا قافلہ رواں دواں ہے۔ اس موقع پر کانفرنس کے شرکا نے ہلال احمر تھیلیسیمیا اینڈ ہیموفیلیا کے بچوں کے لیے خون کا عطیہ دیا۔

بقیہ نمبر 36

پولیس اور سیکیورٹی فورسز پر کئی حملے ہوئے۔

بقیہ نمبر 37

میں سہولت کاری کی جس سے قومی خزانہ کو لاکھوں روپے کا نقصان پہنچا جبکہ ایف آئی اے نے انسانی سمگلنگ میں ملوث اشتہاری ملزم گل بہار عباس کو تلہ گنگ چکوال سے گرفتار کیا جس نے شہری کو عرب امارات ملازمت کی غرض سے بھجوانے کے لیے 6 لاکھ روپے ہتھیائے اور اسے بیرون ملک بھجوانے میں ناکام رہا اور روپوش ہوگیا۔ ایف آئی اے دونوں ملزمان کو گرفتار کر کے مصروف تفتیش ہے

بقیہ نمبر 38

گے۔ پروگرام کا آغاز 23 اگست بروز ہفتہ بعد نماز فجر قرآن خوانی اور ذکر سے ہوگا، بعد ازاں غسل مزار شریف، چادر پوشی، لنگر اور بعد نماز عشاء محفل سماع ہوگی جس میں معروف قوال رضوان معظم علی خصوصی قوالی پیش کریں گے۔ 24 اگست بروز اتوار محفل نعت اور علماء کرام کے خطابات ہوں گے، جبکہ دن ایک بجے اختتامی دعا کی جائے گی۔ مریدین و عقیدتمندوں سے بھرپور شرکت کی اپیل کی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 39

گرتے دیکھ لیے تھے، لیکن فیصلہ کیا تھا ثبوت ملنے تک ہم اعلان نہیں کریں، پاک بھارت جنگ کے بہت سے واقعات کا عینی شاہد ہوں، مسلح افواج نے بھارتی جارحیت کا بھرپور جواب دیا۔ وفاقی وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ بھارت کی تمام منصوبہ بندی ہمیں وقت سے پہلے پتہ تھی، بھارت نے ہماری ایک ایئربیس پر 7 میزائل فائر کئے، ایک بھی اندر نہیں گرا، ہماری جس ایئربیس میں قیمتی اثاثے موجود نہیں وہاں ایک بھی میزائل نہیں گرا، ہم نے بھارت سے جنگ کے دوران شہری آبادی کو نشانہ نہیں بنایا۔ محسن نقوی نے کہا کہ نور خان ایئربیس پر حملے میں بھی ہمارا کوئی نقصان نہیں ہوا، صرف ایک ایئربیس پر حملے میں ہمارے جوان شہید ہوئے جب کہ بھارت کے خلاف ہماری فورسز نے تمام اہداف حاصل کیے۔ ان کا کہنا تھا کہ فیلڈ مارشل کی بہترین حکمت عملی سے ہمیں جنگ میں کامیابی حاصل ہوئی، گواہی دے سکتا ہوں فیلڈ مارشل نے جنگ میں بہترین قیادت کی، بھارت پاکستان میں دہشت گردی کرا رہا ہے، ہماری سکیورٹی فورسز کے ان کے خلاف بھرپور کارروائیاں کر رہی ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے مزید کہا کہ اجیت دوول اور امیت شاہ بھارتی حکومت چلا رہے ہیں، دونوں حکومت کے ساتھ مودی کو بھی لے ڈوبیں گے۔

بقیہ نمبر 40

کے نقصان کی تصدیق ہوچکی ہے۔ سرکاری رپورٹ میں بتایا گیا کہ 2 ہزار 300 مکانات مکمل طور پر تباہ ہوگئے، جب کہ 413 گھروں کو جزوی نقصان پہنچا ہے، تعلیمی ڈھانچہ بھی شدید متاثر ہوا ہے، اور 6 سرکاری اسکول بہہ گئے ہیں۔ قانون نافذ کرنے والے ادارے اور عوامی خدمات بھی محفوظ نہیں رہ سکیں، 2 تھانے سیلاب میں بہہ گئے، 639 گاڑیاں تباہ ہوئیں، 127 دکانیں مکمل طور پر صفحہ ہستی سے مٹ گئیں اور 824 کو جزوی نقصان پہنچا۔ ڈپٹی کمشنر نے تصدیق کی کہ 2 بڑے پل مکمل طور پر بہہ گئے، 4 پلوں کو جزوی نقصان ہوا ہے، صحت کی سہولیات بھی متاثر ہوئیں، اور تین سرکاری ہسپتالوں کو جزوی نقصان پہنچا۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ریسکیو اور امدادی کارروائیاں مشکلات کے باوجود جاری ہیں، ہماری ٹیمیں دن رات کام کر رہی ہیں تاکہ فوری امداد فراہم کی جاسکے، لیکن نقصان بہت زیادہ ہے اور بحالی میں وقت لگے گا۔

بقیہ نمبر 41

اجلاس میں دونوں ممالک کے نمائندگان شرکت کریں گے، غذائی تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے ایران کے ساتھ تکنیکی اور تحقیقی اشتراک بڑھایا جائے گا۔ رانا تنویر نے کہا کہ دورہ کے دوران پاکستان اور ایران کے درمیان بیجوں کی بہتری اور فصلوں کی پیداوار بڑھانے پر بھی بات چیت ہوگی، جدید زرعی ٹیکنالوجی اور سرمایہ کاری کے تبادلے پر پیش رفت متوقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ زرعی تحقیق اور کسانوں کی بہبود کے شعبے میں تعاون بڑھانا ہماری ترجیح ہے، ایران کے ساتھ تجارتی تعلقات کے فروغ سے زرعی برآمدات کے نئے دروازے کھلیں گے، دورے کا مقصد پاکستان اور ایران کے درمیان زرعی شعبے میں دوطرفہ تعاون کو فروغ دینا ہے۔

بقیہ نمبر 42

حکومت کی رٹ کے حوالے سے یہ بڑا سوالیہ نشان ہے، معاملات حل کرنے کے بجائے طاقت ور ادارے اپنی اتھارٹی قائم کرنے کے چکر میں ہیں۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ کے پی اور بلوچستان کے معدنی ذخائر عوام کی ملکیت ہیں، ملٹی نیشنل کمپنیاں سرمایہ کاری کریں تو نوکریاں اور وسائل مقامی لوگوں کا حصہ ہے، معاملات حل کرنے کے بجائے طاقت ور ادارے اپنی اتھارٹی قائم کرنے کے چکر میں ہیں، قوانین موجود ہیں اس کے تحت سرمایہ کاری ہوتی ہے۔ سربراہ جے یو آئی نے کہا کہ فاٹا انضمام کو آٹھ دس سال ہوچکے، اب وہاں کمیٹی بنائی جاتی ہے کہ جرگہ سسٹم بحال کیا جائے، 9 سال بعد جرگہ سسٹم بحال کرنے کی کیوں ضرورت پیش آئی؟ فاٹا کے وسائل تک رسائی کے لیے انضمام کیا گیا، فاٹا میں اب بدامنی آئی تو اسے عوام پر ڈالنے کے لیے جرگہ سسٹم بحال کیا جا رہا ہے، کہاں ہیں وہ سبز باغ جو قبائل کو دکھائے گئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ سیاست دانوں اور عوام کو بیدار رہنے کی ضرورت ہے، متفقہ چیزوں کو بحث میں لایا جائے، ہمارے ملک کا پارلیمانی اور سیاسی نظام سوالیہ نشان ہے؟ عوام کے ووٹ کے حق پر ڈاکا ڈالنا کل جائز تھا نہ آج جائز ہے، نیشنل ایکشن پلان اب ایک حوالہ تو رہ گیا ہے

بقیہ نمبر 43

سائبر سیکیورٹی فریم ورک کی تیاری شروع کر دی گئی، پبلک پرائیویٹ شراکت داری کو اس حکمت عملی کا بنیادی ستون قرار دیا گیا ہے تاکہ ملک بھر کے مالیاتی نظام کو سائبر حملوں سے محفوظ بنایا جاسکے۔ اسٹیٹ بینک حکام نے واضح کیا ہے کہ حکومتی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ تعاون بڑھایا جائے گا۔ سائبر خطرات سے نمٹنے کیلئے معلومات کا بروقت تبادلہ اور مشترکہ مشقیں مجوزہ حکمت عملی کا حصہ۔ سائبر سیکیورٹی اسٹریٹجی کو جلد حتمی شکل دے کر محفوظ ترین مالیاتی نظام تیار کیا جائے گا۔ جدید تصدیقی ٹیکنالوجی، صارفین کی پرائیویسی کا تحفظ، عملے کی تربیت اور عوامی آگاہی مہمات شامل ہیں۔ سائبر حملوں کی فوری نشاندہی اور بروقت سدباب پر بھی خصوصی توجہ دی جائے گی۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق تمام مالیاتی اداروں کیلئے مضبوط سیکیورٹی کنٹرولز کا نفاذ لازمی ہوگا۔ ہر ادارے کیلئے سائبر رسک اسیسمنٹ اور حملوں کو کنٹرول کرنے کا جدید نظام رکھنا لازم۔ ان تمام اقدامات کا مقصد آن لائن بینکنگ، موبائل منی ٹرانسفر اور ای کامرس پر عوامی اعتماد بحال کرتے ہوئے شہریوں کے سرمائے کا تحفظ یقینی بنانا ہے۔

بقیہ نمبر 44

کردہ 9 لاکھ 90 ہزار 266 ٹن مالیت 43 کروڑ 40 لاکھ ڈالر کے سابقہ ریکارڈ سے زیادہ ہے۔ یہ نمایاں اضافہ ایک طرف سستے کپڑوں کی بڑھتی ہوئی طلب کو ظاہر کرتا ہے تو دوسری جانب ملک میں بڑھتے ہوئے معاشی بحران اور گہری ہوتی غربت کو بھی واضح کرتا ہے۔ بڑی تعداد میں لوگ جو مقامی طور پر تیار کردہ برانڈڈ اشیا خریدنے کی استطاعت نہیں رکھتے اب لنڈا بازار یا ہفتہ بازاروں کا رخ کر رہے ہیں۔ عالمی بینک کی تازہ ترین رپورٹ کے مطابق پاکستان کی تقریبا 45 فیصد آبادی اب غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزار رہی ہے جبکہ نیا معیار فی کس یومیہ 4.20 ڈالر مقرر کیا گیا ہے جو پہلے 3.65 ڈالر تھا۔ اس نئے معیار نے نچلے درمیانے طبقے میں غربت کی شرح کو 39.8 فیصد سے بڑھا کر 44.7 فیصد کر دیا ہے۔

بقیہ نمبر 45

پاکستانی پاکستان کو سیاسی، معاشی اور سماجی طور پر مضبوط بنانے میں فیصلہ کن کردار ادا کرتے رہیں گے اب ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ سُنے، جواب دے اور عمل کرے، اس برادری کے لئے جس کی محبت پاکستان کے لئے کبھی کم نہیں ہوئی وسیع پیمانے پر قبول اور احترام کی حامل ہے سید قمر رضا نے پاکستان کے بارے میں منفی بیانیے کو بدل کر ایک مثبت اور مستقبل بَرُو بیانیے میں تبدیل کیا ہے، جس سے دنیا کو یہ پیغام ملا ہے کہ پاکستان صرف بحرانوں کا ملک نہیں بلکہ ایک ایسی قوم ہے جو استقامت، ترقی اور مواقع کی علامت ہے بیرسٹر عابد حسین کا مزید کہنا تھا کہ اوورسیز پاکستانی ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں اور پاکستان کے ساتھ ان کا رشتہ ٹوٹنے والا نہیں، چاہے وہ ہزاروں میل دور ہی کیوں نہ رہتے ہوں بیرون ممالک سے رقوم بھیج کر ملکی معیشت کو سہارا دیتے ہیں بلکہ دنیا بھر میں پاکستان کے اصل سفیر ہیں اپنی محنت، پیشہ ورانہ کامیابیوں اور جدوجہد کے ذریعے وہ دنیا میں پاکستان کا مثبت تشخص اجاگر کرتے ہیں مشکل حالات میں اکثر اوورسیز پاکستانی ہی ملک کی مدد کو آگے بڑھتے ہیں، چاہے وہ مالی امداد ہو، انسانی ہمدردی کا کام ہو یا بحران کے وقت وسائل فراہم کرنے کی بات ہو بیرسٹر عابد حسین نے اس بات پر زور دیا کہ اوورسیز پاکستانیوں کو سنگین مسائل کا سامنا ہے، جن میں بیوروکریٹک رکاوٹیں، جائیداد کے تنازعات، ایئرپورٹس پر سہولتوں کی کمی اور سرکاری اداروں کی طرف سے ان کے جائز مسائل کو نظرانداز کرنا شامل ہیں انہوں نے کہا کہ اوورسیز پاکستانی صرف احترام ہی نہیں بلکہ ایک ایسا منظم نظام چاہتے ہیں جو ان کی سرمایہ کاری کو تحفظ دے اور انکی آواز کو پالیسی ساز اداروں تک پہنچائے۔

بقیہ نمبر 46

گا۔ ڈاکٹر منصور میمن کو دنیا بھر میں پاکستان کا ایمبیسیڈر رائیٹ لارج کہا جاتا ہے کیونکہ انہوں نے ملک کی مثبت تصویر اجاگر کرنے میں نمایاں خدمات انجام دی ہیں۔ ان کا سفر روشن قیادت اور عوامی خدمت سے غیر متزلزل وابستگی کا روشن نمونہ ہے۔ ڈاکٹر منصور میمن آغا خان یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز (مارچ 1992) کے گریجویٹ ہیں اور معالج، محقق، فلاحی شخصیت اور رہنما کی حیثیت سے بین الاقوامی شہرت حاصل کر چکے ہیں۔ ڈاکٹر منصور میمن کی زندگی بہترین کارکردگی، ہمدردی اور حب الوطنی کی درخشاں مثال ہے۔ تمغہ امتیاز ان کی خدمات کا بہترین اعتراف ہے اور آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ ہے۔

بقیہ نمبر 47

کے مطابق بچی بس سے اتر کر روڈ پار کر رہی تھی کہ ٹرک نے ٹکر ماردی۔ پولیس کے مطابق ٹرک ڈرائیور کو گرفتار کر کے ٹرک کو تھانے منتقل کر دیا گیا جبکہ گرفتار ڈرائیور کے پاس ڈرائیونگ لائسنس بھی نہیں تھا۔

بقیہ نمبر 48

کی مالیت بین الاقوامی مارکیٹ میں 30 کروڑ سے زائد ہے۔ بک کرانے والے کا پتہ لطیف کلاتھ مارکیٹ کھارادر کا ہے۔

بقیہ نمبر 49

موبائل فون نمبر مسلسل بند ہے، نامعلوم افراد نے بھائی کو اغواء کر لیا۔

بقیہ نمبر 50

کی بیوہ کو متعین کردہ گیسٹ ہاو ؟سز پرائیویٹ وزٹس کیلئے چار روز کیلئے الاٹ کیا جائے گا، ا؟ فیشل وزٹ کیلئے وقت کی قید نہیں ہوگی۔ سپریم کورٹ کے ججز 18 سو سی سی والی 2 سرکاری گاڑیاں استعمال کرنے کے حقدار ہونگے، ایک کار دفتری اور دوسری فیملی کار کہلائے گی، مینٹیننس سرکاری خرچ سے کی جائے گی، دونوں کاروں کیلئے چھ سو لیٹر تک ماہانہ پٹرول عوام کے ٹیکس کے پیسوں سے ادا ہوگا۔ ہر جج دو ڈرائیورز کا حقدار ہوگا جن میں سے ایک ڈرائیور ریگولر، دوسرا عارضی ہوگا، غیر معمولی حالات یا فوری ضرورت کے تحت تیسری کار بھی جج کو فراہم کی جاسکتی ہے جس کی منظوری رجسٹرار دے گا اور تیسری کار زیادہ سے زیادہ 15 روز کیلئے استعمال کی جاسکتی ہے، تیسری کار 15 روز سے زائد وقت تک اپنے پاس رکھنا ہو تو اُسکی منظوری چیف جسٹس دیں گے اور ادائیگی طے شدہ چارجز کے تحت کرنا ہوگی تاہم تیسری کار کو کوئی جج ایک سال میں 2 ماہ سے زائد وقت تک اپنے پاس نہیں رکھ سکتا۔

بقیہ نمبر 51

نے 17 سے 19 ستمبر تک پولنگ اسٹیشنز کے باہر رینجرز کی سیکیورٹی تعینات کرنے کے لیے محکمہ داخلہ کو خط لکھ دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق رینجرز کی تعیناتی آرٹیکل 220 کے تحت الیکشن کمیشن کی معاونت کے لیے ہوگی، خط کے مطابق انتخابات کے پُرامن انعقاد کے لیے رینجرز کی تعیناتی مانگی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق این اے 66 وزیرآباد، این اے 129 لاہور اور پی پی 87 میانوالی میں 18 ستمبر کو ضمنی انتخابات شیڈول ہے۔ پی ٹی آئی رہنما میاں اظہر کے انتقال کے باعث حلقہ این اے 129 کی نشست خالی ہوئی جبکہ این اے 6 6 کی نشست پی ٹی آئی رہنما محمد احمد کی نااہلی کے نتیجے میں خالی ہوئی، اسی طرح پی ٹی آئی کے ملک احمد خان کی نااہلی پر پی پی 87 میانوالی کی نشست خالی قرار دی گئی

بقیہ نمبر 52

آٹھویں جماعت تک تعلیمی سرگرمیوں کا آغاز یکم ستمبر سے ہوگا۔ فیصلے کا اطلاق نجی اور سرکاری تعلیمی اداروں پر ہوگا۔ موسم گرما کی تعطیلات کے بعد تعلیمی ادارے 15 اگست کو کھلنا تھے تاہم موسم کی شدت کی وجہ سے تعطیلات میں توسیع کرتے ہوئے انہیں یکم ستمبر تک بڑھا دیا گیا تھا۔ بعد ازاں حکومت کی جانب سے 9 ویں اور 10 ویں، او لیولز، اے لیولز اور انٹرمیڈیٹ کے تعلیمی ادارے مقررہ تاریخ پر کھولنے کا اعلان کر دیا گیا جبکہ پہلی سے آٹھویں کے طلبہ کے لئے تعلیمی سرگرمیاں یکم ستمبر سے شروع ہوں گی۔

بقیہ نمبر 53

ڈرائیور ٹرین کو کنٹرول کرنے اور بروقت روکنے میں ناکام رہا۔

بقیہ نمبر 54

سپرنٹنڈنٹ ریلوے کو سختی سے ہدایت کی کہ فوری طور پر جائے حادثہ پر جا کر بغیر کسی تاخیر کے تمام امدادی کارروائیوں کو تیز کیا جائے۔ انہوں نے تمام ریلوے حکام کو سخت انتباہ کیا ہے کہ کسی قسم کی غفلت یا تاخیر کو برداشت نہیں کیا جائے گا اور سخت تادیبی کارروائی کی جائے گی۔ وفاقی وزیر نے مزید کہا کہ تحقیقات انتہائی شفافیت اور عجلت کے ساتھ کی جائیں تاکہ کوتاہی کے ذمہ داروں کو قانون کے تحت مکمل طور پر جوابدہ ٹھہرایا جائے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ مسافروں کی حفاظت کو یقینی بنانا اولین ترجیح ہے۔

بقیہ نمبر 55

جانے والے امدادی سامان کا جائزہ لیا، اجلاس میں ممکنہ طوفانی بارشوں، فلیش فلڈنگ اور سیلاب سے نمٹنے کے اقدامات پر بریفنگ دی گئی۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے عرفان علی کاٹھیا سمیت دیگر حکام نے موجودہ صورتحال پر اجلاس کو آگاہ کیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ صوبے بھر میں دریاؤں کے بہاؤ کو مسلسل مانیٹر کیا جائے گا، ریلیف کیمپس قائم رہیں گے۔ قائم مقام چیف سیکرٹری احمد رضا سرور نے کہا کہ دریاؤں کے اطراف موجود آبادیوں کے انخلاء کو یقینی بنایا جارہا ہے،

بقیہ نمبر 56

ہونے سے بحالی اور ریسکیو کے کام میں شدید مشکلات پیش آئیں ریسکیو کے مطابق غذر دائین میں 12 ہزار لوگ 24 گھنٹوں سے پل اور سڑک بہہ جانے سے محصور ہو گئے ہیں، جنہیں ضروریات زندگی اور آمد و رفت کی سہولت موٹر بوٹ کے ذریعے فراہم کی جاتی رہی۔ اسکردو انتظامیہ کے مطابق شاہراہ بلتستان باغیچہ کے مقام پر پل بہہ جانے سے رابطہ منقطع ہو گیا تاہم پل کے مقام پر متبادل سڑک تعمیر کر کے باغیچہ میں پھنسی 25 گاڑیوں اور 3 ٹینکرز اسکردو روانہ کر دیے گئے ہیں تاہم استک پل پر شدید سیلاب سے شاہراہ بلتستان گلگت اور اسکردو کے مابین بند ہے۔ گلگت بلتستان کے ضلع غذر میں 14 اگست کے سیلاب میں لاپتا ہونے والی بچی کی لاش نکال لی گئی۔

بقیہ نمبر 57

پر زور دیا اور کہا کہ پاکستان کلمہ، نظریہ اور عقیدہ ہے پاکستان اسلامی نظام حیات کا نام ہے آج کی آزادی کے پیچھے علما کرام کا خون بھی شامل ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان میں محمد مصطفیٰ کا نظام نافذ ہونا چاہیے کشمیر کی آزادی کے لیے پاکستان کو خوشحال بنانا ہوگا لاکھوں افراد شہید ہونے پر آج بھی کشمیر تڑپ رہا

Munir Ahmed Dar "Publisher & Chief Editor" Weekly "Layalpur Post" Canada, 418 Coxwell Ave, Toronto Ontario Canada M4L3B7
Canada: Cell: 416-731-3739: 437-237-1014, Email: layalpurpost@gmail.com, munirdar41@gmail.com, munirdar41@yahoo.com



سفید پوش

تحریر: پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

مفلوک الحال قاری صاحب کی حالت زار دیکھ کر میرا دل کرچی کرچی ہو گیا تھا پھٹے پرانے میلے کچیلے کپڑے الجھے ہوئے بالوں کے ساتھ داڑھی بھی بغیر خضاب کے بے ترتیب سی چہرے پر زندگی کے بھرپور رنگوں کی جگہ اداسی غم پریشانی نے لے لی تھی قاری صاحب جو بات بات پر قہقہے لگاتے تھے قاری صاحب کی شگفتہ مزاجی حلقہ یاراں میں مشہور تھی بات بات پر لطیفہ بازی خاص طور پر دوسری شادی پر قاری صاحب کے چہرے پر قوس قزح کے رنگ بکھر جاتے تھے لیکن آج جب قاری صاحب ملنے آئے تو جیسے کسی کھلونے کے سیل نکال دیئے گئے ہوں جیسے ٹی وی بلیک اینڈ وائٹ ہو گیا ہو۔۔۔۔۔۔

Rg.No. 1546653-9

ٹورنٹو (کینیڈا) سے شائع ہونے والا کثیر الاتعداد اور حکومت کینیڈا سے منظور شدہ اخبار

www.layalpurpost.com

ہفت روزہ

لائلپور پوسٹ

چیف ایڈیٹر پبلشر منیر احمد ڈار

ایڈیٹر: رفعت منیر ڈار

جلد نمبر 2 | منگل، 19 اگست، 2025ء، 24 صفر، 1447ھ، 4 بھادوں 2081 ب م | شمارہ نمبر 43

الاسکا میں ایک ناکام ڈیل: ایک ہائی اسٹیکس سمٹ کا بے نتیجہ انجام



کالم نگار۔۔۔منیر احمد ڈار
پبلشر اینڈ چیف ایڈیٹر
لائلپور پوسٹ' پاکستان' کینیڈا

ٹورنٹو میں ہمارے نقطہ نظر سے، ایک ایسا شہر جہاں مکالمہ اور تنوع ہمارے معاشرے کی بنیاد ہیں، ہم نے بڑی دلچسپی کے ساتھ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور ان کے روسی ہم منصب ولادیمیر پوتن کے درمیان اینکریج، الاسکا میں ہونے والی طویل انتظار کی ملاقات کا مشاہدہ کیا۔ دنیا نے اپنی سانسیں تھام رکھی تھیں، اور اب، اس سمٹ کے مایوس کن انجام پر سب نے مایوسی کا ایک اجتماعی سانس لیا ہے۔ یوکرین میں جنگ بندی، جو کہ سب سے بڑا انعام تھا، اب بھی اتنا ہی دور ہے جتنا پہلے تھا۔ اس ڈیل میکر اور چالاک روسی رہنما نے ایک مشترکہ بیان کے ساتھ الاسکا چھوڑ دیا ہے لیکن کوئی ٹھوس معاہدہ، کوئی پختہ وعدہ، اور سب سے زیادہ اہم بات یہ ہے کہ کسی سوال [illegible]

رہنما سے امریکی سرزمین پر ایک ایسی ریاست میں ملاقات کر کے جسے کبھی "روسی [illegible]

"بنیادی وجوہات" پر مسلسل اصرار ان کے ال مقصد کے لیے کریملن کی زبان ہے: یوکرین کو ایک آزاد ریاست کے طور پر ختم کرنا۔ اینکریج میں پیشرفت کی کمی، مغربی دھمکیوں کے ایک سلسلے کے بعد جو کبھی عملی شکل اختیار نہیں کر سکیں، کو کریملن کی طرف سے اپنے سفاکانہ حملے کو جاری رکھنے کے لیے ایک سبز جھنڈی سمجھا جا سکتا ہے۔

سب سے اہم سوال اب ہوا میں لگ رہا ہے، جس کا دونوں رہنماؤں نے کوئی جواب نہیں دیا: اب آگے کیا ہوگا؟ کیا صدر ٹرمپ "شدید نتائج" کی اپنی دھمکیوں پر عمل کریں گے؟ ایک دوستانہ انٹرویو لینے والے کو ان کا غیر واضح جواب، جس میں "دو یا تین ہفتوں میں" "پابندیوں پر غور کرنے کا وعدہ کیا گیا ہے، وہ فیصلہ کن [illegible]

آخر اگست 2025 تک، یوکرین میں جنگ جاری ہے۔ الاسکا سمٹ کے بعد، بین الاقوامی برادری کی جانب سے روس پر دباؤ بڑھانے کے لیے کوئی اہم اور فیصلہ کن اقدامات سامنے نہیں آئے ہیں۔ صدر ٹرمپ نے "دو یا تین ہفتوں میں" پابندیوں پر غور کرنے کے اپنے وعدے پر کوئی عمل نہیں کیا ہے، اور ان کی انتظامیہ نے یوکرین کے تنازعے کے حوالے سے کوئی نئی، سخت پالیسی کا اعلان نہیں کیا۔

یورپ میں، سفارتی کوششیں جاری ہیں، لیکن ان میں بھی کوئی بڑی پیشرفت نہیں ہو سکی ہے۔ اقوام متحدہ اور دیگر عالمی اداروں نے بار بار جنگ بندی اور انسانی امداد کی اپیلیں کی ہیں، لیکن میدان جنگ میں صورتحال میں کوئی نمایاں تبدیلی نہیں آئی [illegible]

منیر ڈار - ڈاروان ٹی وی ٹورنٹو، اونٹاریو، کینیڈا کے سی ای او کے طور پر خدمات انجام دیتے ہیں۔ ڈاروان ٹی وی ایک ویب اور یوٹیوب پر مبنی ٹی وی چینل ہے جو 7/24 پاکستانی اور بین الاقوامی خبریں اردو میں اور کینیڈین اور بین الاقوامی خبریں انگریزی میں نشر کرتا ہے۔

[illegible]

78" سالوں میں کیا کھویا کیا پایا سماجی و معاشرتی اور معاشی ناہمواریوں اور طبقاتی تقسیم کے سوا"

برملا خلاصہ
قمر شہزاد مغل
Mughalqamar655@gmail.com

آزاد قومیں حادثاتی طور پر نہیں بنا کرتیں یہ قدرت کی جانب سے عطا کردہ جغرافیائی خطے اور ہزار ہا سال کی تاریخی و تہذیبی روایات کے ورثے اور مشترکہ معاشی و معاشرتی مفادات کی بنیاد پر تشکیل پاتی ہیں لیکن کچھ مخلوط النسل گروہ حالات مشترکہ مفادات اور تمدن کی بنیاد پر جذبہ اتحاد کے ساتھ ملکر یک دل و یک جاں بن کر بھی کرہ ارض پر نمودار ہوتی ہیں جن کا وجود کچھ بنیادی اُصولوں جیسے جذبہ ایثار، قومی مساوات اور یکساں حقوق پر قائم ہوتا ہے یا قائم رہتا ہے قائداعظم محمد علی جناح کی قیادت میں لاکھوں افراد کی قربانیوں، برصغیر کی بڑی ہجرت اور عصمتیں لٹنے کے ہوش ربا خونی واقعات کے بعد بالآخر 14 اگست 1947 کے دن پاکستان کا قیام عمل میں آیا اور یہ آزاد خودمختار ملک کی حیثیت سے دنیا کے نقشے پر ابھرا پاکستان کا تصور علامہ اقبال نے دیا جس کا مقصد ایک ایسا وطن قائم کرنا تھا جو آزاد ہو اور جہاں پر اسلامی قدروں کے مطابق مسلمان اپنی زندگی گزار سکیں آزادی یقیناً اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے جس کا احساس قدرت نے انسانوں ہی نہیں حیوانوں میں بھی ودیعت کیا ہے چنانچہ آزادی کی اس نعمت کا شکر پاکستان میں بسنے والے ہم 24 کروڑ انسانوں پر واجب ہے جب اس وطن کو اللہ کے نام پر حاصل کیا گیا تو اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ پاک وطن اور پاک سرزمین ہے بالکل اس طرح جس طرح مسجد کا صحن ہو، جہاں پر لڑائی جھگڑا نہیں ہو سکتا ہم جب جب قائد کے ان اُصولوں پر کاربند ہوئے ہیں تو ہم نے کامیابیوں کی بلندیوں کو چھوا ہے ہم نے صفر سے صد اور پستی سے بلندی کی جانب سفر کرتے ہوئے بڑی بڑی کامرانیاں حاصل کی ہیں ہم نے ایٹمی قوت بن کر دنیا کو حیرت زدہ کیا ہے ہم نے خالی ہاتھ ہوتے ہوئے جنگیں لڑیں اور اُس کے باوجود بھی اپنے وجود کو برقرار رکھا ہے لیکن ان سب باتوں کے باوجود مستقل طور پر ایک قوم ہونے پر ہمارا یقین بار بار ڈول جاتا ہے بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح نے فرمایا تھا اسلام اور اس کی بلند نظری نے ہمیں جمہوریت سکھائی ہے اسلام نے ہمیں مساوات اور ہر شخص سے انصاف اور رواداری کا حکم دیا مگر ہم نے قائداعظمؒ کے فرمان پر توجہ نہ دی اور آئین شکنی کی راہ اختیار کئے رکھی تعلیمی نظام کو غارت گری سے نہیں بچا سکے اور جمہوریت پر شب خون مارنے کی روایت ہمارا وطیرہ بن گئی ہم منظم نہیں بلکہ منتشر جتھے بن کر رہ گئے ہیں اور ہم نے بے لوثی پر اقربا پروری اور انفرادی ذاتی و گروہی مفادات کو ترجیح دی ہے ہماری سماجی و معاشرتی اور معاشی ناہمواریاں طبقاتی تقسیم کے ساتھ موجود ہیں انتہا پسندی اور دہشت گردی نے امن عامہ کو تباہ کر دیا ہے ہمارے معاشرے میں محترم اور عزت والا صرف وہ ہے جس کے پاس یا تو دولت ہے یا طاقت پاکستان کے نظریے اور نصب العین کے اعتبار سے پاکستان کو دنیا کا آزاد ترین ملک اور ہمارے معاشرے کو دنیا کا آزاد ترین معاشرہ ہونا چاہیے تھا مگر ہم بحیثیت ایک ریاست اور بحیثیت ایک معاشرے کے سینکڑوں قسم کی غلامیوں میں مبتلا ہیں اس تناظر میں دیکھا جائے تو ہمارے یہاں آزادی ایک نعرے اور ایک خواب کے سوا کچھ نہیں آج آزادی کے 78 سالہ تاریخ کا جائزہ لیں تو جو سب سے بڑی اور ٹھوس حقیقت ہمارے سامنے آتی ہے کہ ہم پاکستان کو ان خوابوں کی تعبیر نہیں بنا سکے جو برصغیر میں مسلمانان ہند نے الگ وطن کے حصول کی جدوجہد کرتے ہوئے اپنی آنکھوں میں سجائے تھے ہمارے آبا و اجداد نے آزاد وطن کے قیام کیلئے بے پناہ قربانیاں دیں اور پھر قیام پاکستان کے بعد ہجرت کے عذاب ناک لمحات سے بھی انہیں گزرنا پڑا اور وہ اس امتحان پر پورے اترے ہمارے آبا و اجداد نے لاکھوں لازوال قربانیوں کے بعد پاکستان حاصل کر لیا لیکن محسوس ہوتا ہے کہ اس کے بعد کسی نے ہماری آنکھوں پر پٹی باندھ دی یا شاید ہم غفلت کی نیند سو گئے کیونکہ ہم اپنے پاکستان کو ترقی کی اس معراج اور اقوام عالم میں اس حد تک سربلند کرنے میں کامیاب نہیں ہو سکے جس کا ہمارے بڑوں نے ہدف مقرر کیا تھا پاکستان کا معرض وجود میں آنا کوئی اچانک یا اتفاقی واقعہ نہیں تھا بلکہ اس کے پیچھے اسباب و علل کا ایک طویل سلسلہ تھا 14 اگست کا دن دو قومی نظریے کا حاصل ہے کہ برصغیر میں رہنے والے مسلمان اور ہندو دو الگ قومیں تھیں اور ہیں، یہ تقسیم کل بھی تھی اور آج ہندوستان کے مسلمانوں کے ساتھ بدترین سلوک دیکھ کر قائداعظمؒ کی دور اندیشی پر یقین اور بڑھ جاتا ہے کہ ہندوستان کے مسلمان اپنی حب الوطنی ثابت کرتے کرتے تھک گئے لیکن انہیں انتہا پسند ہندو ریاست قبول کرنے کو تیار نہیں، دوسری طرف پاکستان کے عنوان سے حاصل ہونے والی مقدس سرزمین کی بدقسمتی اور بدنصیبی یہ رہی کہ یہاں سے انگریز تو چلے گئے لیکن کالے انگریز بڑی تعداد میں بنا کر چھوڑ گئے اور ان کی نسل آج بھی اسی طرح ان کی وفادار ہے جس طرح ان کے غلام آبا و اجداد تھے، یہ طبقہ آج بھی انگریز کی ذہنی اور عملی غلامی سے نہیں نکل سکا ہے، ان میں سے تو بڑی تعداد ان لوگوں کی ہے جو قوم سے غداری اور انگریز سے وفاداری کے عوض لی گئیں جاگیریں اور انعامات کا حق ادا کر رہی ہیں اور ان ہی کی بڑی تعداد ہماری سیاست، صحافت اور اقتدار کے ایوانوں میں موجود ہے ہم میں بہت سی خرابیاں در آئیں ہم نے اجتماعی پر انفرادی مفادات کو ترجیح دینا شروع کر دی رشوت، کرپشن اور اقربا پروری نے میرٹ اور عدل کا حلیہ بگاڑ کر رکھ دیا دو قومی نظریے کے تحت 1947ء میں قائم ہونے والا ملک اپنے مقصد حیات کے تقدس کو بھی پامال ہونے سے نہ بچا سکا اور یہی وہ کشمکش ہے جو آج ہماری قومی سلامتی کا سنگین مسلہ ہے پاکستان کی سیاسی و نظریاتی تفریق خطرناک ہوتی جا رہی ہے ہماری نظریاتی تفریق اور نظریات سے عاری موجودہ سیاسی نظام ان مشکل حالات کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتا جو ایک خطرناک صورت حال ہے اللہ تعالیٰ نے ہمیں نظام حکومت منتخب کرنے کا اختیار دیا ہے جس کی بنیاد قرآن و سنت کے اصول ہیں یہی ہمارا نظریہ حیات ہے جس کی تشریح 1973 کے آئین میں ان الفاظ میں کی گئی ہے پاکستان کا نظام حکومت جمہوری ہوگا جس کی بنیاد قرآن و سنت کے اصولوں پر قائم ہوگی لیکن بدقسمتی سے ہم نے قرآن و سنہ کے اصولوں کو پس پشت ڈالتے ہوئے صرف جمہوریت کو ہی ترجیح دی ہے نہ ماضی کی کسی حکومت کو نہ موجودہ حکومت کو اور نہ ہی متعدد مذہبی جماعتوں میں سے کسی کو یہ توفیق ہوئی ہے کہ وہ قوم کی نظریاتی شناخت کو محفوظ بنانے کی طرف توجہ دیتے ہمارا نظریہ حیات کمزور ہو چکا ہے اور جب نظریہ حیات کمزور ہو جائے تو قوم باوقار زندگی گزارنے کے حق سے محروم ہو جاتی ہے ہم اپنے بچوں کو مسلم شناخت دینے میں ناکام ہوئے ہیں کیونکہ ہمارا نظام تعلیم قرآن و سنت کے اصولوں سے یکسر عاری ہے، ہماری سیاسی و نظریاتی تفریق کا سبب ہمارا برسر اقتدار طبقہ ہے جس نے ہمارے معاشرے کو لبرل سیکولر روشن خیال اور قوم پرست گروپوں میں تقسیم کر رکھا ہے مذہبی طبقات نظر انداز ہونے کے سبب نمایاں سیاسی مقام نہیں رکھتے اور نہ ہی حکمرانی سے متعلق معاملات یا پالیسی سازی کے عمل میں ان کا کوئی عمل دخل ہے وہ تو بذات خود زیادتی کا شکار ہیں اور ہمارے عوام انہیں ووٹ نہیں دیتے ہماری دینی جماعتیں اپنی ظاہری اور باطنی کاوشوں کے باوجود جن کا پرچار میڈیا پر دن رات ہوتا ہے پاکستانی قوم کے رخ کو درست سمت میں رکھنے میں ناکام ہیں ہمارے قومی نظریہ حیات کے دونوں عناصر کے مابین توازن پیدا کرنے کا ایک ہی راستہ ہے یعنی جمہوریت ہمارا نظام حکمرانی ہوگا اور قرآن و سنت اس نظام کو نظریاتی تحفظ فراہم کرے لیکن ہماری بدقسمتی ہے کہ ہمارے ارباب اختیار جنہوں نے اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کی قسم کے مطابق آئین کے تحفظ اور دفاع کا حلف اٹھا رکھا ہے وہ قومی نظریہ حیات کے تقدس کو تحفظ فراہم کرنے میں ناکام ہیں

سپورٹس SPORTS

SHOWBIZ شوبز

"آفریدی نے کتے کا گوشت کھایا ہوا ہے"

عرفان پٹھان کی پاکستانیوں کے خلاف نفرت انگیز گفتگو

[illegible] دی بلکہ غیر شائستہ زبان استعمال کر کے کھیل کی روح کو بھی مجروح کیا۔ عرفان پٹھان کی شاہد آفریدی کے ساتھ کافی کڑوی مسابقت رہی ہے۔ محض کھیل ہی نہیں بلکہ میدان سے باہر بھی شاہد آفریدی کی حرکات و سکنات عرفان کو سخت ناگوار گزرتی تھیں۔ اسی طرح کا ایک قصہ سناتے ہوئے عرفان پٹھان نے شاہد آفریدی کے خلاف ایک بار پھر زہر اگلا۔ عرفان پٹھان نے دعویٰ کیا کہ 2006 کے دورہ پاکستان کے دوران کراچی سے لاہور کی پرواز میں شاہد آفریدی نے ان کے بال بگاڑے اور ان کے ساتھ مذاق کیا، جس پر وہ برہم ہو گئے۔ عرفان پٹھان نے ایک بھارتی پروگرام "للن ٹاپ" میں گفتگو کرتے ہوئے کہا، 2006 میں ہم کراچی سے لاہور جا رہے تھے۔ دونوں ٹیمیں ایک ہی پرواز میں سفر کر رہی تھیں۔ آفریدی آیا اور میرا سر تھپتھپایا اور بال بگاڑ دیے۔ اس نے مجھ سے کہا، "کیسا ہے بچے؟" میں نے سوچا کہ یہ کب سے میرا باپ بن گیا۔' عرفان نے کہا، 'میں نہ ان سے بات کر رہا تھا اور نہ ہی کچھ کہہ رہا تھا۔ اس کے بعد آفریدی نے مجھے کچھ برے الفاظ کہے۔ اس کی سیٹ میرے قریب ہی تھی۔' عرفان پٹھان نے بات کو آگے بڑھاتے ہوئے کہا، 'اس وقت پاکستان کے آل راؤنڈر [illegible] حیران ہوئے اور بولے، "ارے عرفان یہ کیوں کہہ رہے ہو؟" میں نے کہا کہ (آفریدی) نے کتے کا گوشت کھایا ہے، تبھی تو اتنی دیر سے بھونک رہا ہے'۔ کرکٹ حلقوں کا کہنا ہے کہ عرفان پٹھان کی جانب سے برسوں پرانے واقعات کو توڑ مروڑ کر بیان کرنا دراصل پاکستان مخالف بیانیے کو زندہ رکھنے کی کوشش ہے۔ ایک جانب وہ اپنی ہی کارکردگی کو بڑھا چڑھا کر پیش کرتے ہیں اور دوسری جانب پاکستان کے کھلاڑیوں کو نشانہ بناتے ہیں۔ یاد رہے کہ عرفان پٹھان کا کیریئر بھارتی میڈیا جتنا اچھالتا رہا، حقیقت میں وہ مستقل مزاجی سے کارکردگی دکھانے میں ناکام رہے۔ صرف چند میچوں کی جھلکیاں پیش کر کے پاکستان کے خلاف "ہیرو" بننے کی کوشش کرنے والے پٹھان جلد ہی ٹیم سے باہر ہو گئے اور بھارتی کرکٹ میں ان کی جگہ نئے کھلاڑیوں نے لے لی۔ تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ کھیل کو نفرت اور تعصب کے بیانات سے جوڑنا عرفان پٹھان جیسے کھلاڑیوں کی ناکام حکمت عملی ہے جو اپنی پہچان کو زندہ رکھنے کیلئے پاکستان کا سہارا لیتے ہیں۔ دوسری جانب بھارتی کھلاڑیوں میں اتنا تعصب ہے کہ ورلڈ چیمپئنز لیگ میں صرف شاہد آفریدی کی شرکت پر میچز کھیلنے سے انکار کر دیا تھا۔

بابر اور رضوان اب اہم کھلاڑی نہیں رہے' محمد حفیظ

حالیہ برسوں میں رضوان اور بابر دونوں میچ جیتنے والی کارکردگی پیش کرنے میں ناکام رہے

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیم کے سابق کپتان محمد حفیظ کا کہنا ہے کہ بابر اعظم اور محمد رضوان اب اہم کھلاڑی نہیں رہے۔ مقامی یوٹیوب چینل سے گفتگو کرتے ہوئے محمد حفیظ نے کہا کہ اہم کھلاڑی وہ ہیں جو میچ جیتتے ہیں اور حالیہ برسوں میں رضوان اور بابر دونوں میچ جیتنے والی کارکردگی پیش کرنے میں ناکام رہے ہیں، سلمان علی آغا ٹیم کے لیے زیادہ مستحق اور اہم کھلاڑی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر ہم گزشتہ ڈیڑھ سے دو سال پر نظر ڈالیں تو مسلسل کارکردگی دکھانے والے کھلاڑی سلمان علی آغا، صائم ایوب اور حسن نواز ہیں، ہم ان کے بارے میں بات کیوں نہیں کر رہے، یہ پاکستان کے لیے میچ جیتنے والے موجودہ کھلاڑی ہیں۔ حفیظ نے ٹیم میں بابر اور رضوان کی جگہ پر بھی سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ انہیں بطور کھلاڑی اپنی جگہوں کو درست ثابت کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ میرے خیال میں بابر اور رضوان کو ٹیم میں اپنی پوزیشن کے بارے میں فکر مند ہونے کی ضرورت ہے۔، انہیں پہلے خود کو اچھے کھلاڑی ثابت کرنے کی ضرورت ہے، اہم کھلاڑی بعد میں آتے ہیں۔ دونوں ماضی میں اچھے تھے، لیکن اب وہ نتائج نہیں دے رہے۔ سابق کپتان نے دونوں کو دوبارہ فارم میں آنے کا مشورہ دیا اور نسیم شاہ اور شاہین شاہ آفریدی کی پرفارمنس پر بھی تنقید کی۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ دونوں کو کھیل میں پوری طرح شامل ہونے کی ضرورت ہے، ورنہ نتائج نہیں آئیں گے۔ یہی مسئلہ نسیم شاہ اور شاہین شاہ آفریدی کا ہے، وہ بھی پاکستان کے لیے میچ ونگ پرفارمنس نہیں دے رہے ہیں۔ حفیظ نے زور دے کر کہا کہ پاکستان کرکٹ کو بڑے ناموں کی ضرورت نہیں بلکہ ایسے کھلاڑیوں کی ضرورت ہے جو اگلی دہائی تک مسلسل کارکردگی دکھا سکیں۔

کراچی: معرکہ حق جشن آزادی کے عنوان سے محکمہ کھیل کے زیر اہتمام گدھا گاڑی ریس کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ (این این آئی فوٹو)

ورلڈ اور ایشین ماسٹرز ویٹ لفٹنگ کی میزبانی پاکستان کو مل گئی

اسپورٹس بورڈ نے ویٹ لفٹنگ ایسوسی ایشن کو این او سی جاری کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) ورلڈ ماسٹرز اور ایشین ماسٹرز ویٹ لفٹنگ چیمپئن شپ کی میزبانی پاکستان کو مل گئی۔ اسلام آباد میں چیمپئن شپ کے انعقاد کے لیے حکومت نے گرین سگنل دے دیا جس کے بعد اسپورٹس بورڈ نے ویٹ لفٹنگ ایسوسی ایشن کو این او سی جاری کر دیا۔ صدر ایسوسی ایشن ارشد خان نے ایونٹس بنیان مرصوص اور معرکہ حق کے نام کر دیے۔ انہوں نے کہا کہ چیمپئن شپ میں پچاس ملکوں کے پانچ سو سے زائد مرد و خواتین ویٹ لفٹر حصہ لیں گے، ایونٹس کی میزبانی پاکستان کے لیے اعزاز ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان نے قطر میں ہونے والی ایشین ماسٹرز چیمپئن شپ میں 10 میڈلز حاصل کیے تھے۔

رن آؤٹ کی عجیب و غریب ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی

آپ اگلے 100 سال تک کرکٹ میں ایسا رن آؤٹ دوبارہ نہیں دیکھ سکیں گے

لندن (این این آئی) کرکٹ کی دنیا میں کچھ واقعات ایسے ہوتے ہیں جس کا کوئی سوچ بھی نہیں سکتا ایسی ہی ایک ویڈیو سوشل میڈیا کی زینت بن رہی ہیں جسے دیکھ کر لوگ قہقہہ لگانے پر مجبور ہو گئے۔ آئی سی سی پینل میں شامل امپائر رچرڈ کیٹل بورو نے ویڈیو ایکس اکاؤنٹ پر شیئر کی جو وائرل ہو گئی اور اب تک اسے ہزاروں لوگ دیکھ چکے ہیں۔ انہوں نے کیپشن میں لکھا کرکٹ کی تاریخ میں پہلی بار ایسا ہوا ہے، آپ اگلے 100 سال تک کرکٹ میں ایسا رن آؤٹ دوبارہ نہیں دیکھ سکیں گے، اس ویڈیو کو لازمی دیکھیں۔ ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ بولر کے گیند کروانے کے بعد بیٹر گیند کو روکتے ہی رن بنانے کے لیے بھاگتا ہے اور نان اسٹرائیکر اینڈ پر کھڑا کھلاڑی بھی رن مکمل کر لیتا ہے۔ اس دوران کور پر کھڑا فیلڈر کیپر کی جانب تھرو کرتا ہے جسے وہ پکڑنے میں ناکام رہتا ہے۔ کیپر نے ڈائیو لگائی۔

لاہور: سپورٹس ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے زیر اہتمام نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس کے ایلیٹ ٹریننگ سنٹر میں پہلی نیشنل یوتھ گیمز اسلام آباد کے لئے پنجاب کی کبڈی ٹیم کے ٹرائلز لیے جا رہے ہیں۔ (فوٹو این این آئی)

ویرات اور روہت نے ٹیسٹ ریٹائرمنٹ کیوں لی؟ بڑا انکشاف

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی ٹیم کے سابق کپتان ویرات کوہلی اور روہت شرما کی ریٹائرمنٹ سے متعلق سابق بھارتی کرکٹر کرسن گھاوری نے بڑا انکشاف کیا ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق 2025 مئی میں اچانک بھارت کے دو بڑے کھلاڑیوں روہت شرما اور ویرات کوہلی نے ٹیسٹ کرکٹ سے ریٹائرمنٹ لیکر سب کو ورطہ حیرت میں مبتلا کر دیا تھا۔ رپورٹس کے مطابق دونوں کھلاڑیوں کی جانب سے یہ فیصلہ بارڈر گاوسکر ٹرافی میں آسٹریلیا کے خلاف بدترین کارکردگی کے بعد کیا گیا تھا تاہم سابق بھارتی کرکٹر کرسن گھاوری نے اس معاملے پر اہم انکشاف کر کے نیا پنڈورا کھول دیا ہے۔ رپورٹس کے مطابق کرسن نے انکشاف کیا کہ ویرات اور روہت مزید ٹیسٹ کرکٹ کھیلنا چاہتے تھے۔

فلمسٹار شبنم نے زندگی کی 78 بہاریں دیکھ لیں

بنگال سے تعلق رکھنے والی اداکارہ شبنم نے تین عشروں تک پاکستان فلم انڈسٹری پر راج کیا

[illegible] راج دھانیر بوک سے آغاز کرنے والی فنکارہ نہ صرف اپنی جاندار اداکاری بلکہ مکالموں کی سحر انگیز ادائیگی سے بھی دلوں پر نقش چھوڑتی گئیں۔ اداکارہ شبنم نے پاکستان کی پہلی اردو فلم چندا سے جلوہ منوایا، وہ پھر کبھی زنگ آلود نہ ہوا۔ اداکارہ شبنم نے آئینہ، بندش، شمع و پروانہ، درشن، عندلیب اور دل لگی جیسی شاہکار تخلیقات میں اداکاری کے جوہر دکھائے۔

خواتین مداح سب کچھ چھوڑ کر میرے گھر تک آجاتی تھیں

شادی کے بعد بھی ایک خاتون ان کے گھر تک پہنچیں، قیصر نظامانی

کراچی (این این آئی) مقبول اداکار قیصر نظامانی نے انکشاف کیا ہے کہ ماضی میں متعدد بار خواتین مداح سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر ان کے گھر تک پہنچ جاتیں، جہاں وہ دعویٰ کرتیں کہ انہیں اداکار نے بلایا ہے۔ قیصر نظامانی نے نجی ٹی وی کے پروگرام [illegible] لیکن وہ نہ مانے۔ ان کے مطابق انہیں اداکاری کا کوئی شوق نہیں تھا لیکن انہیں شوبز والوں کے مزے کا علم تھا۔ اداکار کے مطابق ایک بار وہ کراچی میں ہی دوستوں کے ہمراہ کرکٹ کھیل رہے تھے۔ کہ ان کے پاس سینئر اداکار شفیع محمد شاہ آئے اور انہوں نے اپنی خراب گاڑی کو دھکا دینے کا کہا، وہ اور ان کے دوست اداکار کو دیکھ کر ہکے بکے رہ گئے۔

کاجول کا ہندی میں بات کرنے سے انکار، بھارتی تلملا اٹھے

اگر ہندی بولنے میں شرم آتی ہے تو پھر ہندی فلموں میں کام کرنا بند کر دیں

ممبئی (این این آئی) اداکارہ کاجول نے ہندی میں بات کرنے سے انکار کر دیا، جس پر انہیں شدید تنقید کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ کاجول ایک بار پھر خبروں میں ہیں لیکن اس بار اپنی کسی فلم کی وجہ سے نہیں بلکہ ہندی زبان سے متعلق اپنے رویے پر تنقید کا سامنا کر رہی ہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق یہ واقعہ 5 اگست کو ممبئی میں ہونے والے "مہاراشٹرا اسٹیٹ فلم ایوارڈ 2025" کے دوران پیش آیا، جہاں کاجول نے میڈیا سے گفتگو کے دوران ہندی زبان میں بات کرنے سے انکار کر دیا۔ ایوارڈ تقریب میں اپنی والدہ، تنوجا کے ہمراہ شرکت کرنے والی کاجول میڈیا کے سوالات کا جواب بنیادی طور پر میراٹھی اور انگریزی زبان میں دے رہی تھیں۔ جب ایک رپورٹر نے ان سے درخواست کی کہ وہ اپنا بیان ہندی میں بھی دہرائیں تو کاجول برہمی کا اظہار کرتے ہوئے بولیں ابھی میں ہندی میں بولوں؟ جس کو سمجھنا ہے وہ سمجھ لیں گے۔

کیریئر کے آغاز میں کاسٹنگ کاؤچ کا سامنا کرنا پڑا، حفصہ بٹ

ایک پروڈیوسر نے مرکزی کردار کے بدلے میں مجھ سے ذاتی فائدے کی بات کی

کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکارہ اور ماڈل حفصہ بٹ نے شوبز انڈسٹری میں ہراسانی کا انکشاف کر دیا۔ اداکارہ حفصہ بٹ نے ایک حالیہ انٹرویو میں شوبز انڈسٹری میں پیش آنے والے ایک ناخوشگوار واقعے سے پردہ اٹھایا ہے۔ اداکارہ نے انکشاف کیا کہ کیریئر کے آغاز میں انہیں کاسٹنگ کاؤچ کا سامنا کرنا پڑا، جب ایک پروڈیوسر نے انہیں مرکزی کردار کے بدلے میں ان سے ذاتی فائدے کی بات کی۔ حفصہ کے مطابق ایک پروڈیوسر نے انہیں وائس نوٹ کے ذریعے پوچھا کہ کیا انہوں نے کبھی مرکزی کردار ادا کیا ہے۔، اور جب انہوں نے انکار کیا تو پروڈیوسر نے کہا کہ اگر وہ مرکزی کردار آفر کریں تو اس کا کچھ فائدہ پروڈیوسر کو بھی ہونا چاہیے۔ جب اداکارہ نے وضاحت مانگی تو انہیں ایک غیر مناسب پیغام موصول ہوا، جس کے بعد انہوں نے مذکورہ شخص کو بلاک کر دیا۔

کیا علی رضا اور انمول بلوچ شادی کر رہے ہیں؟ حقیقت سامنے آ گئی

کراچی (این این آئی) کیا پاکستان شوبز انڈسٹری کے معروف اداکار علی رضا اور انمول بلوچ کی شادی ہو رہی ہے؟ اس سلسلے میں حقیقت سامنے آ گئی۔ حالیہ نجی ٹی وی کے مشہور ڈرامے میں مرکزی کردار نبھانے والے علی رضا اور انمول بلوچ کی جوڑی نے ناظرین کے دل جیت لیے، جو ابتدا میں ایک عام سی رومانوی کہانی تصور کیا جا رہا تھا، لیکن وقت گزرنے کے ساتھ شائقین اس جوڑی کے دیوانے ہو گئے۔ انمول اور علی کی کیمسٹری کو اس قدر سراہا گیا کہ مداحوں نے انہیں نا صرف اسکرین پر بلکہ حقیقی زندگی میں بھی ایک ساتھ دیکھنے کی خواہش ظاہر کی۔

دلہن کی طرح تیار ہو کر آئی ہوں، سوشل میڈیا پر رشتے آ رہے ہیں، عتیقہ اوڈھو

کراچی (این این آئی) سینئر اداکارہ عتیقہ اوڈھو نے انکشاف کیا ہے کہ سوشل میڈیا پر انہیں شادی کی پیشکشیں موصول ہو رہی ہیں، جس سے وہ خوب لطف اندوز ہو رہی ہیں۔ چند روز قبل عتیقہ اوڈھو نے بتایا تھا کہ وہ ڈراموں پر مصنفانہ تجزیہ کرنے کے لیے اپنا پورا ہفتہ ڈرامے دیکھتے ہوئے گزار دیتی ہیں، کیونکہ وہ نہیں چاہتیں کہ بغیر دیکھے کسی ڈرامے پر تجزیہ کریں، اسی وجہ سے وہ ہفتے کا بیشتر حصہ ڈرامے دیکھنے میں گزارتی ہیں۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ اس وجہ سے ان کے شوہر بھی ان سے ناراض رہنے لگے ہیں اور انہیں وقت نہ دینے کے طعنے دیتے ہیں۔

مایا خان کی دلچسپ مشورے دینے کی ویڈیو وائرل

آج کا کام کل پر چھوڑ دو اور کل کا پرسوں کیا پتا پرسوں وہ کام کرنا ہی نہ پڑے



کراچی (این این آئی) شوبز انڈسٹری کی میزبان اور اداکارہ مایا خان کی دلچسپ مشورے دینے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی۔ فوٹو اور ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اداکارہ مایا خان نے ویڈیو شیئر کی جس میں وہ حجاب پہنے لوگوں کو دلچسپ مشورے دے رہی ہیں۔ اداکارہ کہتی ہیں کہ کوئی تمہیں نیچا دکھانے کے لیے بولے یہ کام نہیں کر سکتے تو بولو ہاں نہیں کر سکتے تم کر لو اور اسی کو وہ کام کرنے دو۔ مایا خان کا کہنا ہے کہ آج کا کام کل پر چھوڑ دو اور کل کا پرسوں کیا پتا پرسوں وہ کام کرنا ہی نہ پڑے۔ ایک اور مشورے میں وہ کہتی ہیں کہ اگر آپ کو اپنا مستقبل نہیں دکھائی دے رہا۔

متنازع کمنٹ نے کمل ہاسن کو مشکل میں ڈال دیا

میں ہر ہندو سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ کمل ہاسن کی فلموں کا بائیکاٹ کریں، ریاستی سیکرٹری

ممبئی (این این آئی) جنوبی بھارت اور بالی ووڈ کے معروف اداکار، فلمساز اور سیاستدان کمل ہاسن کی جانب سے سنتھانا دھرم کے بارے میں کمنٹس نے انہیں مشکل میں ڈال دیا، اس حوالے سے سیاستدانوں نے دعویٰ کیا ہے کہ کمل ہاسن لوگوں کو تقسیم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ واضح رہے کہ 71 سالہ کمل ہاسن نے حال ہی میں سوریا چیریٹیبل، اگارام فاؤنڈیشن کی چنئی میں پندرہویں یوم تاسیس پر گفتگو کے دوران سنتھانا دھرم پر رائے دی اور اس دھرم کی مخالفت میں تعلیم کی بات کی۔ ان کے جملوں پر تامل ناڈو میں بھارتیہ جنتا پارٹی کے ریاستی سیکریٹری امر پرساد ریڈی نے برہمی کا اظہار۔

حکومت معیشت کو مضبوط بنانے کیلئے ہر ممکن کوشش کر رہی ہے

پاکستان کی معیشت تیزی سے مثبت سمت میں آگے بڑھ رہی ہے، سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں' سردار ایاز صادق

2030 تک پاکستان کو دنیا کی دس بڑی معیشتوں میں شامل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے' سپیکر قومی اسمبلی کا تقریب سے خطاب

لاہور (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ پاکستان کی معیشت تیزی سے مثبت سمت میں آگے بڑھ رہی ہے، ملک میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں، 2030 تک پاکستان کو دنیا کی دس بڑی معیشتوں میں شامل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایکسپو سینٹر میں سازگار انجینئرنگ لمیٹڈ اور چینی کمپنی جی ڈبلیو ایم کے اشتراک سے منعقدہ ہیول ایچ 6 پلگ ان ہائبرڈ وہیکل کی لانچنگ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں قائمقام چینی قونصل جنرل کاو کی، (بقیہ نمبر 27)

سید قمر رضا کی قیادت میں پیدا ہونے والا اتحاد فخر اور طاقت کا ذریعہ ہے

کنونشن کے دوران اوورسیز پاکستانیوں کو شاندار خراجِ تحسین پیش کیا گیا اور انہیں ملکی معیشت کی جان قرار دیا گیا

پاکستانی حکومت کو چاہیے کہ وہ اپنے تارکینِ وطن کی قربانیوں کو تسلیم کرے اور انہیں ملکی مستقبل میں برابر کا شراکت دار بنائے بیرسٹر عابد

گوجر خان (نامہ نگار) چیئرمین او پی ایف سید قمر رضا کی جانب سے حالیہ اوورسیز پاکستانیوں کا کامیاب کنونشن کروانے پر سرکردہ رہنما بیرسٹر عابد حسین نے قمر رضا کو اس شاندار اجتماع پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ برسلز میں حالیہ کنونشن ایک بار پھر اس بات کا ثبوت ہے کہ قمر رضا کے ویژن محنت اور بے لوث خدمت متحرک قیادت نے ایک نیا معیار قائم کیا ہے تارکین وطن کے حقوق کے لئے ان کی جدوجہد اُمید کی ایک کرن ہے یہ تقریب ان پر بیرون ممالک مقیم لاکھوں پاکستانیوں کے اعتماد کی عکاسی کرتی ہے ان کی رہنمائی میں اوورسیز (بقیہ نمبر 45)

وزیراعظم شہباز شریف سے سابق وفاقی وزیر ریلوے خواجہ سعد رفیق ملاقات کر رہے ہیں

پیر محمد حمید خان گنج کرمؒ کا عرس 23 اگست سے شروع ہوگا

محفل سماع میں قوال رضوان معظم علی خصوصی قوالی پیش کریں گے

راولپنڈی (بیوروچیف) سلسلہ قادری نقشبندی سہروردی چشتی کے روحانی بزرگ مرشد عالم قلندر دوراں خواجہ خواجگان حضرت پیر محمد حمید خان گنج کرمؒ کا 14واں سالانہ دو روزہ عرس مبارک آستانہ عالیہ معصومیہ بھتیاہ شریف پلندری روڈ آزاد کشمیر میں 23 اور 24 اگست کو منعقد ہوگا۔ عرس کی صدارت حضرت پیر ذیشان حمید سجادہ نشین فرمائیں (بقیہ نمبر 38)

کیش لیس و ڈیجیٹل معیشت کیلئے ترجیحی بنیادوں پر کام کر رہے ہیں: وزیراعظم

اسلام آباد (این ای این) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کیش لیس معیشت کی جانب اٹھائے گئے اقدامات اور پیشرفت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت معیشت کی ڈیجیٹائزیشن اور لین دین کے نظام کو کیش لیس اور ڈیجیٹل نظام پر لے جانے کے لئے ترجیحی بنیادوں پر کام کر رہی ہے، راست کے نظام کو ضلعی حکومتوں کی سطح پر (بقیہ نمبر 29)

سانگھڑ: گاڑی سے کراچی کے صحافی خاور حسین کی لاش ملی

کراچی کے صحافی خاور حسین نے مبینہ طور پر فائر کر کے خودکشی کی

سانگھڑ (این این آئی) سانگھڑ میں حیدرآباد روڈ پر گاڑی سے صحافی خاور حسین کی لاش ملی ہے۔ سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس (ایس ایس پی) عابد بلوچ کا کہنا ہے کہ کراچی کے صحافی خاور حسین نے مبینہ طور پر فائر کر کے خودکشی کی ہے، صحافی خاور حسین کا آبائی گھر سانگھڑ میں ہے۔ متوفی کراچی میں نجی نیوز چینل سے منسلک تھا۔ وزیر اعلیٰ سندھ (بقیہ نمبر 28)

ناروال: ریسکیو اہلکار نالہ ڈیک میں پھنسے لوگوں کو محفوظ مقام پر منتقل کر رہے ہیں

ٹرک کی ٹکر کے واقعات میں خاتون اور 8 سالہ بچی جاں بحق

کراچی (این این آئی) کراچی میں ٹرک سے ہونے والے حادثات نے مزید 2 جانیں لے لیں۔ پولیس کے مطابق واقعہ سائٹ باچا خان چوک کیقریب پیش آیا جہاں ٹرک کی ٹکر سے خاتون جاں بحق ہوئی جس کے بعد پولیس نے ٹرک ڈرائیور کو گرفتار کرلیا۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ خاتون موٹر سائیکل سے گری اور ٹرک کی زد میں آگئی۔ ایک اور واقعے میں کراچی کے علاقے بھینس کالونی میں ٹرک کی ٹکر سے 8 سال کی بچی جاں بحق ہوئی۔ پولیس (بقیہ نمبر 47)

بھارت کے 6 طیارے گرائے، وزیر داخلہ

ویڈیوز موجود، دشمن کی منصوبہ بندی کا پیشگی علم تھا، محسن نقوی

لاہور (این ای این) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ اجیت دوول اور امیت شاہ بھارتی حکومت اور مودی کو لے ڈوبیں گے۔ صوبائی دارالحکومت میں سیمینار سے اظہار خیال کرتے ہوئے محسن نقوی کا کہنا تھا کہ جنگ کیدوران انٹیلی جنس اداروں کا کردار بہت اہم تھا، ہمارے چندلوگ انٹیلی جنس اداروں کو برا بھلا کہنے سے باز نہیں آتے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کے تباہ 6 طیاروں کی ویڈیو ہمارے پاس موجود ہے، ہم نے ریڈار میں طیارے (بقیہ نمبر 39)

بنیاد لاہور: چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی وارث میر فاؤنڈیشن کے زیراہتمام سیمینار میں وزیر داخلہ حسن نقوی کو سووینئرز پیش کر رہے ہیں

حکومت کا ڈاکٹر منصور میمن کو تمغہ امتیاز دینے فیصلہ

ڈاکٹر منصور میمن کو 23 مارچ 2026 کو حکومت کی جانب سے تمغہ دیا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) حکومت پاکستان نے ممتاز معالج، انسان دوست اور ثقافتی سفیر ڈاکٹر منصور میمن کی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے تمغہ امتیاز سے نوازنے کا اعلان کیا ہے۔ ڈاکٹر منصور میمن کو ایوارڈ دینے کا اعلان یوم آزادی 14 اگست 2025 کو کیا گیا، انہیں یہ اس ایوارڈ سے 23 مارچ 2026 یوم پاکستان کے موقع پر نوازا جائے (بقیہ نمبر 46)

30 کروڑ سے زائد مالیت کی ممنوعہ ادویات اسمگل کرنے کی کوشش ناکام

کراچی (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس نے کروڑوں روپے مالیت کی ممنوعہ ادویات بیرون ملک اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بنادی۔ اے این ایف پورٹ کنٹرول یونٹ نے ساؤتھ ایشیاء پاکستان ٹرمنل پر کارروائی کی۔ خفیہ اطلاع پر کراچی سے ٹیما گھانا جانے والے کنٹینر کو روکا گیا تو تلاشی کے دوران کنٹینر سے 72 لاکھ ٹراماڈول گولیاں برآمد ہوئیں۔ گولیوں کو گارمنٹس کی آڑ میں چھپایا ہوا تھا۔ اے این ایف حکام کے مطابق برآمد شدہ مال (بقیہ نمبر 48)

نیشنل سائبر کرائم ایجنسی کا افسر راولپنڈی سے مبینہ طور پر اغوا

سب انسپکٹر صارم علی خان مسجد میں نماز پڑھنے کے لیے دفتر سے نکلا تھا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی سے نیشنل سائبر کرائم ایجنسی کے افسر کو مبینہ طور پر اغواء کرلیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق سب انسپکٹر صارم علی خان مسجد میں نماز پڑھنے کیلئے دفتر سے نکلا تھا۔ پولیس نے سب انسپکٹر کے مبینہ اغواء کا مقدمہ بھائی کی مدعیت میں درج کر لیا۔ مقدمے کے مطابق سب انسپکٹر صارم علی خان 15 اگست کو گھر سے دفتر کیلئے نکلا تھا، جس کی گاڑی مسجد کے باہر سے ملی ہے۔ بھائی نے مقدمے میں بتایا کہ صارم علی خان کا (بقیہ نمبر 49)



شہری انارکلی بازار میں گلے سٹالز سے پرانی کتابیں خرید رہے ہیں

سیلاب سے ہونیوالی تمام نقصانات کا سو فیصد ازالہ کیا جائے گا، علی امین گنڈاپور

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین خان گنڈاپور نے سیلاب سے متاثرہ علاقوں دوروں کے دوسرے روز متاثرہ ضلع سوات کا دورہ کیا جہاں انہوں نے کمشنر ملاکنڈ ڈویژن کے دفتر میں حالیہ سیلاب سے پیدا شدہ صورتحال سے متعلق اجلاس کی صدارت کی۔ صوبائی کابینہ اراکین ارشد ایوب خان، فضل حکیم خان، ڈاکٹر امجد علی کے علاوہ سوات کے دیگر منتخب عوامی نمائندے، چیف سیکرٹری شہاب علی شاہ اور دیگر اعلیٰ حکام بھی اجلاس (بقیہ نمبر 31)

لڑکے نے خاتون کے بچوں کو نشہ آور گولیاں کھلادیں

ایک جاں بحق، خاتون کے ڈھائی سال سے ریحان کیساتھ مبینہ تعلقات تھے

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقے سبزہ زار میں خاتون کے دوست نے اس کے تین بچوں کو نشہ آور گولیاں کھلادیں جس کے نتیجے میں ایک بچہ جاں بحق ہوگیا۔ پولیس کے مطابق نشہ آور گولیاں کھانے سے 11 سال کا ایان جاں بحق اور اس کے 2 بہن (بقیہ نمبر 30)

قابل اعتراض پارٹی، گرفتار خواجہ سراؤں کیخلاف درج مقدمہ خارج

لاہور (این این آئی) لاہور کی مقامی عدالت نے مبینہ طور پر قابلِ اعتراض نجی پارٹی منعقد کرنے پر گرفتار خواجہ سراؤں کے خلاف درج مقدمہ کو خارج کر دیا۔ عدالتی حکم نامے میں کہا گیا کہ ریکارڈ پر ایسے کوئی شواہد موجود نہیں جو ملزمان کو مبینہ جرائم کے ارتکاب سے منسلک کریں لہٰذا گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمے کو خارج کیا جاتا ہے، حکم (بقیہ نمبر 33)

سوشل میڈیا پر پاکستانی پرچم کی بے حرمتی کرنیوالا ملزم گرفتار

ملزم نے 13 اگست کو ویڈیو بناتے ہوئے پاکستانی پرچم کی بے حرمتی کی تھی

کراچی (این این آئی) کراچی پولیس نے سوشل میڈیا پر پاکستانی پرچم کی بے حرمتی کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ ایس ایس پی ڈسٹرکٹ سٹی عارف عزیز نے بتایا کہ کراچی کے علاقے لیاری بغدادی سے خفیہ ذرائع سے ملنے والی اطلاع پر چھاپہ مار کارروائی کے دوران ملزم نعمان کو گرفتار کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ملزم نے 13 اگست کو ویڈیو بناتے ہوئے پاکستانی (بقیہ نمبر 32)

سپریم کورٹ جج کیلئے 2 گاڑیاں، 2 ڈرائیور، 600 لیٹر پٹرول ماہانہ

فوری ضرورت پر تیسری کار، گارڈ، سیکیورٹی کی گاڑی، نجی دوروں کیلئے 4 روز تک گیسٹ ہاؤس ملیں گے' پالیسیز، ہدایات، ایس او پیز جاری

سپریم کورٹ کے ججز 1800 سی سی والی 2 سرکاری گاڑیاں استعمال کرنے کے حقدار ہونگے، ایک کار دفتری اور دوسری فیملی کار کہلائے گی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے 26 اکتوبر 2024 سے لیکر 12 اگست 2025 تک پالیسیز، ہدایات، ایس او پیز پبلک کر دیے جن میں گاڑیوں کی سہولت اور دیگر مراعات اور سہولیات کی تفصیلات شامل ہیں۔ 19 مئی 2025 کے نوٹیفکیشن میں یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ کسی جج کی اقلیتی رائے سپریم کورٹ کے اکثریتی فیصلے کیساتھ ہی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کی جائے گی۔ اسی طرح موجودہ چیف جسٹس، سابق چیف جسٹسز، اُنکی اہلیہ، سرونگ ججز اور اُنکے اہل خانہ سابقہ ججز اور مرحوم ججز (بقیہ نمبر 50)

لاہور: بچوں کے ہمراہ سیر کیلئے آنے والی خواتین جائنہ چوک کی گرین بیلٹ پر بیٹھی ہوئی ہیں

خیبر پختونخوا: بونیر میں اموات 400 سے تجاوز کر دی گئیں

2 ہزار 300 مکانات، 6 اسکول، 639 گاڑیاں تباہ

تباہی کی شدت بے مثال ہے، اب تک 401 ہلاکتیں ہو چکی ہیں

671 زخمی اور 4 ہزار 54 مویشیوں کے نقصان کی تصدیق ہو چکی ہے، ڈپٹی کمشنر

بونیر (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع بونیر کی ضلعی انتظامیہ نے اتوار کو سیلاب سے متاثرہ علاقوں کی رپورٹ جاری کر دی، جس میں بتایا گیا ہے کہ کلاوڈ برسٹ اور سیلاب سے اموات کی تعداد 400 سے تجاوز کر گئی۔ ڈپٹی کمشنر بونیر کاشف قیوم کے مطابق تباہ کن سیلاب نے ضلع بونیر میں بڑے پیمانے پر تباہی مچائی ہے، جس کے نتیجے میں 401 افراد جاں بحق اور 671 زخمی ہوئے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ تباہی کی شدت بے مثال ہے، اب تک 401 ہلاکتیں، 671 زخمی اور 4 ہزار 54 مویشیوں (بقیہ نمبر 40)

لودھراں، پشاور سے کراچی جاتے ہوئے حادثے کا شکار ہونے والی عوام ایکسپریس کی تباہ حال بوگی

رانا تنویر حسین 4 روزہ دورے پر ایران پہنچ گئے

فصلوں کی پیداوار بڑھانے پر بات چیت ہوگی، وفاقی وزیر غذائی تحفظ

اسلام آباد (این ای این) وفاقی وزیر برائے غذائی تحفظ رانا تنویر ایران کے چار روزہ دورے پر تہران پہنچ گئے۔ رانا تنویر کی ایرانی وزیر زراعت سے سرکاری سطح پر ملاقات ہوگی، ملاقات میں زرعی تعاون کے نئے اقدامات زیر غور آئیں گے، ڈیری پراسیسنگ، لائیو سٹاک اور گرین ہاؤس صنعتوں کے دورے سے عملی شراکت داری کے نئے مواقع تلاش کیے جائیں گے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ مشترکہ کمیٹی برائے زرعی تعاون کے (بقیہ نمبر 41)

9 ویں، 10 ویں جماعت کے طلبہ کیلئے اسکولز آج کھلیں گے

او لیولز، اے لیولز اور انٹرمیڈیٹ کی کلاسز بھی 18 اگست سے شروع ہوں گی

لاہور (این این آئی) پنجاب میں موسم گرما کی تعطیلات کے بعد 9 ویں اور 10 ویں جماعت کے طلبہ کے لیے اسکولز آج (پیر) کے روز دوبارہ کھلیں گے جبکہ او لیولز، اے لیولز اور انٹرمیڈیٹ کی کلاسز بھی 18 اگست سے شروع ہوں گی۔ پہلی سے (بقیہ نمبر 52)

لاہور، وزیرآباد اور میانوالی کے ضمنی انتخابات، رینجرز کی سکیورٹی میں کرانے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے پنجاب میں ضمنی انتخابات پر رینجرز تعیناتی کا فیصلہ کرلیا، لاہور، وزیرآباد اور میانوالی کے ضمنی انتخابات میں پولنگ اسٹیشن کے باہر رینجرز کی تعیناتی کیلئے محکمہ داخلہ پنجاب کو خط لکھ دیا۔ ذرائع نے بتایا کہ الیکشن کمیشن نے پنجاب میں ضمنی الیکشن رینجرز کی سکیورٹی میں کرانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ الیکشن کمیشن (بقیہ نمبر 51)

حادثے کا شکار عوام ایکسپریس کی ابتدائی رپورٹ سامنے آگئی

جوائنٹ سرٹیفکیٹ میں حادثے کی وجہ ٹرین ڈرائیور کی غفلت قرار

لاہور (این این آئی) لودھراں میں عوام ایکسپریس کو پیش آنے والے حادثے کی ابتدائی رپورٹ ریلوے ہیڈکوارٹر موصول ہوگئی۔ جوائنٹ سرٹیفکیٹ میں حادثے کی وجہ ٹرین ڈرائیور کی غفلت بتائی گئی، جوائنٹ سرٹیفکیٹ میں بتایا گیا کہ ٹرین اوورشوٹ ہونے کے باعث حادثہ پیش آیا۔ ابتدائی انکوائری کے مطابق انجن اوورشوٹ ہونے سے سینڈ ہمپ سے ٹکرایا، 2 کوچز پٹڑی سے اتریں اور لگیج وین سمیت 3 الٹ گئیں۔ (بقیہ نمبر 53)

لودھراں، عوام ایکسپریس کو حادثہ، ایک مسافر جاں بحق، 19 زخمی

حادثہ رات دو بج کر دس منٹ پر اس وقت پیش آیا جب ٹرین مقررہ اسٹیشن پر نہ رک سکی اور آگے کھڑی مال گاڑی کے انجن سے جا ٹکرائی

ٹرین کی 5 بوگیاں ریلوے ٹریک سے اتر گئیں، ایک بوگی میں پھنسے 7 مسافروں کو زخمی حالت میں نکالا گیا' ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر لبنیٰ نذیر

لودھراں (این این آئی) لودھراں میں عوام ایکسپریس کو ریلوے اسٹیشن کے قریب حادثہ پیش آیا ہے جس کے نتیجے میں ایک مسافر جاں بحق اور 19 زخمی ہو گئے۔ ڈپٹی کمشنر کے مطابق عوام ایکسپریس کی 5 بوگیاں ریلوے ٹریک سے اتر گئیں، ایک بوگی میں پھنسے 7 مسافروں کو زخمی حالت میں نکالا گیا۔ ڈی سی لودھراں کے مطابق دیگر بوگیوں میں سے بھی زخمیوں کو نکال کر اسپتال منتقل کیا گیا جہاں (بقیہ نمبر 34)

منصور: گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے اپنے دورے کے دوران ضلع مانسہرہ کے سیلاب متاثرہ علاقوں میں وفاقی وزیر برائے مذہبی امور سردار محمد یوسف سے ملاقات کی

عوام ایکسپریس کے پٹری سے اترنے کے واقع پر فوری انکوائری کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے لودھراں ریلوے سٹیشن کے قریب عوام ایکسپریس کے پٹری سے اترنے کے واقع کا سخت نوٹس لیتے ہوئے 7 دن میں جامع رپورٹ طلب کرتے ہوئے زخمیوں کے بلا تاخیر اعلیٰ ترین معیاری طبی امداد کی فوری فراہمی کا حکم دیا ہے۔ عوام ایکسپریس کے پٹری سے اترنے کے واقع کے حوالہ سے اتوار کو میڈیا چینلز سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے متعلقہ محکمے اور ڈویژنل (بقیہ نمبر 54)

فیصل آباد تا مدلیانوالہ: سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان این اے 97 میں نئی بننے والی سڑکوں کا دورہ کر رہے ہیں، سڑکوں کی تعمیر کے لئے 160 ملین سے زائد کے فنڈ فراہم کیے گئے

قبائلی علاقوں میں مسلح گروہوں کا راج ہے

سرکاری فنڈز کا 10 فیصد یہ گروہ لیجاتے ہیں، مولانا فضل الرحمان

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علماء اسلام (جے یو آئی) کے امیر مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ قبائلی علاقوں میں مسلح گروہوں کا راج ہے، سرکاری فنڈز کا 10 فیصد یہ مسلح گروہ لے جاتے ہیں، تاجر کاروبار نہیں کر سکتے ہر کسی کو بھتہ دینا پڑتا ہے۔ عوامی نیشنل پارٹی کے زیر اہتمام آل پارٹی کانفرنس سے خطاب میں مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ (بقیہ نمبر 42)

غذر میں ایشیا کا سب سے لمبا لکڑی کا پل سیلاب کی نذر

پُل چتور کھنڈ اور دائن گاؤں کو آپس میں ملاتا اور آمدورفت کا واحد ذریعہ تھا

غذر (این این آئی) غذر کی تحصیل اشکومن میں حالیہ سیلاب سے شدید متاثر ہوئی ہے جہاں ایشیا کا سب سے لمبا لکڑی کا پل پانی کے ریلوں کی نذر ہوگیا۔ یہ پُل چتور کھنڈ اور دائن گاؤں کو آپس میں ملاتا تھا، اور نہ صرف مقامی آبادی کے لیے آمدورفت کا واحد ذریعہ تھا بلکہ ایک سیاحتی مرکز بھی سمجھا جاتا تھا جسے دیکھنے کے لیے اندرون و بیرون ملک سے سیاح آتے تھے۔ پل کے بہہ جانے سے علاقے کا زمینی رابطہ مکمل طور پر منقطع ہوگیا ہے اور مقامی زندگی مفلوج ہو کر رہ گئی۔

سبزہ زار میں 29 سالہ شخص نے تیزاب پی کر مبینہ خودکشی کر لی

لاہور (این این آئی) سبزہ زار کے علاقہ کراچی پلی کے قریب 29 سالہ شخص نے مبینہ خودکشی کر لی۔ ایدھی فاؤنڈیشن کے ترجمان کے مطابق 29 سالہ عرفان نے نامعلوم وجوہات پر تیزاب پی کر زندگی کا خاتمہ کیا۔ پولیس اور فرانزک ٹیم نے شواہد اکٹھے کر کے مختلف پہلوؤں پر کارروائی کا آغاز کر دیا، پولیس کی ضروری کارروائی کے بعد ایدھی رضا کاروں نے لاش مردہ خانے منتقل کر دی۔

وطن عزیز بہت جلد اسلامی پاکستان اور خلافت کا مرکز بنے گا

اس آزادی کو قیامت تک قائم رکھنا ایمان کا تقاضا ہے، سراج الحق

سرگودھا (این این آئی) جماعت اسلامی پاکستان کے سابق امیر سراج الحق نے کہا کہ وطن عزیز بہت جلد اسلامی پاکستان اور خلافت کا مرکز بنے گا اس آزادی کو قیامت تک قائم رکھنا ایمان کا تقاضا ہے۔ جماعت اسلامی پاکستان کے سابق امیر سراج الحق، حافظ محمد مسعود، را عبدالقیوم، زاہد محمود قاسمی سمیت مقررین نے فاتح پاکستان کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ملکی قوانین کو اسلامی اصولوں کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کی ضرورت (بقیہ نمبر 35)

کرپشن اور انسانی سمگلنگ میں ملوث 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا

سرگودھا (این این آئی) ایف آئی اے نے کرپشن اور انسانی سمگلنگ میں ملوث 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا اور مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق ایف آئی اے کی ٹیم نے کرپشن اور انسانی سمگلنگ میں ملوث سابق سرکاری آفیسر سمیت 2 ملزمان گرفتار کرلیے جن میں خوشاب کے سابق آفیسر اصغر علی نے اپنے ماتحت افسر کی غیر قانونی طور پر بیرون ملک روانگی میں سہولت فراہم کی اور ماتحت آفیسر کی 7 ماہ سے زائد غیر حاضری کو حکام سے چھپایا اور اس کی تنخواہیں، اضافی ڈیوٹی الاونس اور اعزازیہ کی ادائیگی (بقیہ نمبر 37)

لکی مروت میں پولیس بکتر بند گاڑی کے قریب دھماکا

دھماکے میں تمام اہلکار محفوظ رہے، گاڑی کو جزوی نقصان ہوا، پولیس

لکی مروت (این این آئی) لکی مروت میں پولیس بکتر کے قریب دھماکا ہوا ہے تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ پولیس کے مطابق لکی مروت میں میانوالی سڑک پر تھانہ صدر کی بکتر بند گاڑی کے قریب دھماکا ہوا، پولیس اہلکار محفوظ رہے، گاڑی کو جزوی نقصان پہنچا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ دھماکا دیسی ساختہ بم کا ہے، اس سے پہلے بھی اسی علاقے میں (بقیہ نمبر 36)

آکلینڈ: نیوزی لینڈ کے وزیراعظم کرسٹوفر لکسن نے 17 اگست 2025 کو منعقد ہونے والی ایک شاندار پاکستان کی آزادی کی تقریب میں شرکت کی

پنجاب میں دریاؤں کے اطراف دفعہ 144 نافذ کر دی گئی

ندی نالوں کے اطراف آبادیوں کو خطرات سے آگاہ کرنے اور مری، گلیات میں غیر ضروری سفر سے گریز کی اپیل

دریاؤں کے بہاؤ کو مسلسل مانیٹر کیا جائیگا، ریلیف کیمپس قائم رہیں گے' سلمان رفیق کی زیر صدارت کابینہ کمیٹی ڈیزاسٹر مینجمنٹ

لاہور (این این آئی) چیئرمین کابینہ کمیٹی ڈیزاسٹر مینجمنٹ خواجہ سلمان رفیق کی زیرصدارت اجلاس میں دریاؤں کے اطراف دفعہ 144 کا نفاذ کر دیا گیا۔ اجلاس میں قائمقام چیف سیکرٹری پنجاب احمد رضا سرور اور ریلیف کمشنر نبیل جاوید نے شرکت کی، ویڈیو لنک کے ذریعے سیکرٹری ایمرجنسی سروسز ڈاکٹر رضوان نصیر، سیکرٹری اری گیشن، کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز بھی شریک ہوئے۔ صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق نے پی ڈی ایم اے کنٹرول روم کا معائنہ بھی کیا، پوٹھوہار کے لیے بھیجے (بقیہ نمبر 55)

سیلاب میں بہہ جانے والی بیٹی کی لاش نکال لی گئی

غذر دائین میں 12 ہزار لوگ 24 گھنٹوں سے پل اور سڑک بہنے سے محصور ہوگئے

گلگت (این این آئی) گلگت بلتستان پولیس کے ترجمان غلام محمد نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان کے ضلع کھرمنگ میں سیلابی ریلے بہہ کر ماں بیٹی لاپتہ ہوگئیں، ریسکیو آپریشن کے دوران بیٹی کی لاش نکال لی گئی ہے، ماں کی تلاش جاری رہی۔ پولیس ترجمان نے بتایا کہ سیلاب سے ایک شخص زخمی بھی ہوا ہے، ماں اور بیٹی سیلاب کا شکار اس وقت ہوئیں، جب وہ کھیتوں میں کام کر رہی تھیں، سیلاب سے فصلوں اور درختوں کو بھی نقصان پہنچا ہے۔ گلگت بلتستان میں سیلاب سے ہزاروں لوگ پانی، بجلی کی سہولت سے محروم ہوگئے۔ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی گلگت بلتستان کے مطابق بلتستان ڈویژن کے اضلاع میں موبائل سروس معطل (بقیہ نمبر 56)

جامع سائبر سکیورٹی حکمت عملی بنانے کا فیصلہ

اسٹیٹ بنک آف پاکستان نے بڑھتے ہوئے مالیاتی فراڈ کا نوٹس لے لیا

لاہور (این این آئی) آن لائن مالیاتی فراڈ اور بینکنگ دھوکہ دہی کے بڑھتے واقعات پر اسٹیٹ بینک نے جامع سائبر سکیورٹی حکمت عملی بنانے کا فیصلہ کر لیا۔ تمام بینکوں اور مالیاتی اداروں کیلئے سخت اور مضبوط سکیورٹی فریم ورک لازم ہوگا۔ مرکزی بینک حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مل کر بڑے پیمانے پر اقدامات کرے گا۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے آن لائن مالیاتی فراڈ اور بینکنگ دھوکہ دہی کے بڑھتے واقعات نوٹس لیتے ہوئے سخت اقدامات کی ٹھان لی۔ تمام بینکوں اور مالیاتی اداروں کیلئے جدید (بقیہ نمبر 43)

فیصل آباد چیمبر میں صدر ریحان نسیم بھراڑہ، ایگزیکٹو ممبران و دیگر شرکاء کے ہمراہ جشن آزادی کے موقع پر پودے لگا رہے ہیں

قائمقام ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے قیصر عباس رند سپورٹس کمپلیکس میں سٹاف کے ہمراہ جشن آزادی کیک کاٹ رہے ہیں

استعمال شدہ کپڑوں کی درآمد میں ریکارڈ اضافہ

استعمال شدہ کپڑوں کی درآمد 11 لاکھ 37 ہزار ٹن رہی

مکوآنہ (این این آئی) گزشتہ مالی سال کے دوران پاکستان میں استعمال شدہ کپڑوں کی درآمد تاریخ کی بلندترین سطح پر پہنچ گئی جبکہ عالمی بینک کے مطابق ملک میں غربت کی شرح بڑھ کر 45 فیصد ہوگئی ہے۔ ایک میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستان میں استعمال شدہ کپڑوں کی درآمد گزشتہ مالی سال میں ریکارڈ سطح پر پہنچ گئی، جو 11 لاکھ 37 ہزار ٹن رہی جس کی مالیت 51 کروڑ 10 لاکھ ڈالر ہے، یہ 2024 کے مالی سال میں قائم (بقیہ نمبر 44)

سٹی پی او راولپنڈی سید خالد محمود ہمدانی کو بھی تمغہ امتیاز سے نوازا گیا

اعلیٰ سول ایوارڈ یومِ آزادی 2025 کے موقع پر ایوان صدر میں منعقدہ تقریب میں پیش کیا گیا

یہ اعزاز میں راولپنڈی پولیس کے تمام افسران و جوانوں کے نام کرتا ہوں، سی پی او سید خالد ہمدانی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کا اعزاز، سٹی پولیس آفیسر راولپنڈی سید خالد محمود ہمدانی کو صدر پاکستان کی جانب سے تمغہ امتیاز سے نوازا گیا، اعلیٰ سول ایوارڈ یومِ آزادی 2025 کے موقع پر ایوان صدر میں منعقدہ تقریب میں پیش کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس کا اعزاز، سٹی پولیس آفیسر راولپنڈی سید خالد محمود ہمدانی کو صدرِ پاکستان کی جانب سے تمغہ امتیاز سے نوازا گیا، اعلیٰ سول ایوارڈ یومِ آزادی 2025 کے موقع پر ایوان صدر میں منعقدہ تقریب میں پیش کیا گیا۔ تمغہ امتیاز سی پی او راولپنڈی کی شاندار قیادت، پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور خدمات کا اعتراف ہے۔ سی پی او سید خالد ہمدانی نے کہا کہ یہ اعزاز میں راولپنڈی پولیس کے تمام افسران و جوانوں کے نام کرتا ہوں،

بزنس کمیونٹی ٹیکس ریونیو کو بڑھانے میں اہم کردار ادا کرتی ہے

بزنس کمیونٹی کو سہولت فراہم کرنا دراصل معاشی سرگرمیوں کو فروغ دینا ہے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) مسز روبینہ امجد، بانی صدر خواتین چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (FWCCI) و یونائیٹڈ بزنس گروپ (UBG) کی رہنما اور مسز شاہدہ آفتاب، صدر FWCCI نے وفاقی بورڈ آف ریونیو کی جانب سے وفاقی بجٹ 2025-26 میں شامل سخت گیر ٹیکس اقدامات واپس لینے کے فیصلے کو سراہا ہے۔ انہوں نے فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کی جانب سے بزنس کمیونٹی کے مؤقف کی حمایت کو بھی خراجِ تحسین پیش کیا۔ یہ بات انہوں نے آج یہاں جاری کیے گئے اپنے مشترکہ بیان میں کہی۔ بزنس کمیونٹی ٹیکس ریونیو میں سب سے بڑا فریق اور پاکستان کی معیشت کو ملکی و بین الاقوامی سطح پر مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔

جشن آزادی کے موقع پر ایف ڈی اے سٹی سپورٹس کمپلیکس میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد

قائمقام ڈائریکٹر جنرل قیصر عباس رند نے سٹاف کے ہمراہ جشن آزادی کیک کاٹا اور قومی پرچم لہرایا

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) جشن آزادی کے موقع پر ایف ڈی اے سٹی سپورٹس کمپلیکس میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ قائمقام ڈائریکٹر جنرل قیصر عباس رند نے سٹاف کے ہمراہ جشن آزادی کیک کاٹا اور قومی پرچم لہرایا۔ منیجر سپورٹس کمپلیکس رضوانہ کمال، سپورٹس کوچز و دیگر سٹاف کے علاوہ ممبرز اور شائقین سپورٹس بڑی تعداد میں موجود تھے۔ پرچم کشائی کے بعد شرکاء نے قومی ترانہ پڑھا اور ملی نغمے بجائے گئے۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے قائمقام ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے قیصر عباس رند نے ایف ڈی اے سٹی سپورٹس کمپلیکس میں جشن آزادی کی تقریب کے شاندار انتظامات کو سراہا اور یوم آزادی کی اہمیت و پاکستان کے حصول کے لئے دی گئی قربانیوں پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا تحفظ پاکستان کے لئے افواج پاکستان کے شہداء کے لازوال قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جاسکتا جن کی بدولت آج ہم خودمختار اور آزاد ملک میں سکون کا سانس لے رہے ہیں۔ معرکہ حق میں عظیم فتح اور یوم آزادی کی خوشیوں نے پاکستان کے 78 ویں جشن آزادی کو مزید یادگار بنا دیا ہے۔ انہوں نے افواج پاکستان کی عظمت و جرآت کو سلام پیش اور کہا کہ کسی بھی جارحیت و دہشت گردی کیخلاف ہمارا قومی عزم انتہائی پختہ ہے،